اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہ

بے شک حاکمیت اللہ کے لیئے ہے

اطیعو اللہ واطیعو الرّسول

اللہ کی اطاعت کرو اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو



بابا جی عنایت اللہ



دہشت گرد کون ہیں؟


بسم الله الرحمن الرحيم

بابا جی عنایت اللہ



جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

حمد باری تعالیٰ

تو عقل و خرد سے ہے ماورا، تو زمان و مکاں میں ہے جا بجا	تو عظیم ہے اور عظیم تر۔تیری ذات جل جلال ہو
تو ذات و صفات میں ہے یکتا، تو ہر عیب سے ہے منزہ	تو لا شریک ہے با خدا۔تیری ذات جل جلال ہو
تو بحر و بر میں ہے ہر جگہ، نہ کوئی حدود ہے نہ انتہا	تو کیسے ہو منکشف اے خدا، تیری ذات جل جلال ہو
تیری صورتیں تیرے نقش و نگار، تیرا معمار خانہ ہے لا جواب	اے مصور با کمال ، تیری ذات جل جلال ہو
تیرے اسمائے حسنہ کی بات کیا، یہ خوب سے ہیں خوب بجا	تو جمیل ہے اے حسن جمال ، تیری ذات جل جلال ہو
جو ذکر و فکر میں ڈھل گیا، اسے موت سے ہے کیا واسطہ	تیری ذات عالی ہے بر ملا، تیری ذات جل جلال ہو
تیری تسبیح چرند پرند کریں، تیرے سامنے تسلیم و خم کریں	اے صورت گر اے سیرت نواز، تیری ذات جل جلال ہو
مجھے حمد و ثنا کا ساز دے، میرے ہمنوا میرا ساتھ دے	مجھے قلب و نظر بیدار دے، تیری ذات جل جلال ہو
تجھے جس نام سے بھی پکار لوں، تو منور ہے ہر صفات میں	تو جلال و جمال سے ہے آراستہ، تیری ذات جل جلال ہو
مجھے احسن تقویم کی خیرات دے، مجھے عظیم و قدیم کی بات دے	مجھے کون و مکاں سے نواز دے، تیری ذات جل جلال ہو
مجھے رحم و کرم کی بھیک دے، مجھے حسن عمل کی توفیق دے	میرے غمکدے کو ثبات دے، تیری ذات جل جلال ہو
مجھے ادب جہاں کا نور دے، مجھے الفت نبی کریم دے	مجھے ورد آل درود دے ،تیری ذات جل جلال ہو
میرے دکھ سے ہے تو آشنا ،میرے درد کو کر عطا شفا	تو ورد عنایت عام کر ، تیری ذات جل جلال ہو

بابا جی عنایت اللہ



جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

نعت شریف

دہر میں پھیلی ہوئی ہے ہر سو یہی اک صدا — شمس و قمر کی روشنی ، تپش و تسکیں جا بجا

صلِ علیٰ فغاں فغاں، صلِ علیٰ محمد

شب صحرا، کوہ و دمن، محو ترنم حمد و ثنا، — باد نسیم ، باد شمیم، دے رہی ہیں یہی ندا

صلِ علیٰ میں بڑا مزا صلِ علیٰ محمد

نور ہیں پرنور ہیں آب و گل فشاں فشاں — کوہ و بیاباں کی خموشی، ان پہ ہوئی ہے فدا

صلِ علیٰ ے مدنی پلا صلِ علیٰ محمد

ہنگامہ ہائے کائنات میں تیری نوا تیری نوا — تیرے فقیروں کو ملی شب بیداری کی عطا

صلِ علیٰ ہے سب کی نوا صلِ علیٰ محمد

ملے فضل و کرم ہوں دور الم، نگر نگر پھرے تیرا گدا — ید بیضا ہو مسیحائی ہو اور رحمتِ عالم کی شفا

صلِ علیٰ ذرا سنتا جا ، صلِ علیٰ محمد

کبھی لذت وصل مسیحا بنی کبھی سوز جدائی میں تڑپتا رہا — کبھی باب العلم پہ جھکا رہا کبھی در رحمت پہ کھڑا ہوا

صلِ علیٰ ذرا مکھڑا دکھا صلِ علیٰ محمد

تیرے فقیر روشن ضمیر، مے وصل کے ہیں گدا — آغوش میں ان کی تجلیاں، فکر میں محشر بپا ہوا

صلِ علیٰ ہر دکھ کی دوا صلِ علیٰ محمد

کوہ وبیاباں ہیں جلوہ گاہ ، خلوتوں میں یوں چپ ہوا — چراغ نور منزل بہ منزل راہ راست روشن ہوا

صلِ علیٰ درود و صلوۃ صلِ علیٰ محمد

واصفؔ کو دیا واصفؔ نے پیا جھوما اور مستی میں کہا — عنایتؔ بھی کھڑا چپ سادھ رہا جب نظر پڑی انمول ہوا

صلِ علیٰ ہے داستان خدا صلِ علیٰ محمد

انتساب

جناب

علامہ محمد اقبالؒ اور قائداعظم محمد علی جناحؒ

کے نام

بابا جی عنایت اللہ



بابا جی عنایت اللہ



جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

عرضِ مصنف

جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

الفاظ کی حرمت اور انکی پاسداری خالق کونین کا عطیہ ہے۔ الفاظ خیال کا لباس ہے۔ خیال کی دلہن کو انہی سے سجایا اور سنوارا جاتا ہے۔ دلنوازی کا پیغام انہی الفاظ سے انسانی قلب و روح تک پہنچایا جاتا ہے۔ خیر کی دنیا انہی سے تابندہ اور پائندہ ہوتی ہے۔ خیر اور شر، نیکی اور بدی کی پہچان الفاظ کے دم سے ہی قائم ہے۔ گلستان حیات کا حسن، الفاظ سے ہی جلوہ آرا ہوتا ہے۔ الفاظ جمال کی روشنی اور نوع انسانی کے روح کا خامہء دلنواز ہوتے ہیں۔ دلنوازی، دلسوزی اور دلربائی کے میخانے کا مست، مستی کے جام ہمہ دم اور دمادم جاری کرنے والا کسی صحراو بیاباں میں تنہائی کی چادر اوڑھے بیٹھا ہے۔ وہ دیکھ رہا ہے کہ الفاظ کے میخانے میں مستیء کردار کی ستار خاموش کسی صاحب اعجاز کی منتظر بیٹھی ہے کہ وہ آئے اور خوابیدہ ملت کو جگائے۔ وہ عظیم ملت بے بس، غمگین، اداس، پریشان حال اذیتوں سے لاچار، تڑپتی، سسکتی، دم توڑتی، دین محمدی ﷺ کی دوری کی سزا میں بتلا کردی گئی ہے، ملت جمہوریت، بادشاہت اور آمریت اور دین محمدی ﷺ کے نظریاتی تضاد کا شکار ہو چکی ہے۔ کاروان ملت کو حرم سے بدگماں کیا جارہا ہے، پاکستان میں سولہ کروڑ مسلم امہ کے فرزندان کو نان کرپچن جمہوریت کے پنجرے میں بند، اسکے نظام حیات اور ضابطہ حیات کا قیدی بنا رکھا ہے۔ ملت ایک دردناک المیہ کی شکار ہو چکی ہے۔ وہ حیات و ممات کی کشمکش کی اذیتوں میں دم توڑے جا رہی ہے۔ جب دین محمدی ﷺ کا دامن ہی ہاتھ میں نہ ہوگا تو ملت کہاں سے تیار ہوگی۔ دین محمدی ﷺ کی سرفرازی اور بالادستی ہی ملت کی فلاح اور نجات کا ذریعہ ہے۔ اس وقت ملت درد سے چور، سانس لینے پر مجبور، حیات و ممات کی کشمکش میں بیجان ہوئی پڑی ہے۔ اسکی حالت دگرگوں ہوتی جا رہی ہے، اسکی حیات جاوداں جمہوریت، بادشاہت آمریت کی نجات اور دین محمدی ﷺ کی اطاعت میں مضمر ہے۔ چشم ملت اس منظر کو دیکھنے کیلئے بڑی دیر سے منتظر کھڑی ہے۔

بابا جی عنایت اللہ



بابا جی عنایت اللہ

جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!



مسلم امہ کا الگ ملک پاکستان حاصل کرنے کے واقعات اور محرکات کیا تھے

نمبر۱۔ ہندوستان کی آزادی اور مسلمانوں کا الگ ملک پاکستان کو حاصل کرنے کے کیا جواز کیا وجوہات، کیا واقعات اور کیا محرکات تھے کہ ہمارے اقابرین، ہمارے بزرگان، ہمارے اہل بصیرت رہنما علامہ محمد اقبالؒ جیسے دیدہ ور اور قائداعظم محمد علی جناحؒ جیسے دانشور رہنماؤں نے مسلمانوں کیلئے ایک الگ ملک حاصل کرنے کا راستہ اختیار کیا۔ وہ کون سی وجوہات اور کون سے دلائل اور جواز پیش کیئے تھے۔ جس سے انگریز اور ہندو قیادت مجبور ہوگئی تھی، جنکی بنا پر پاکستان معرض وجود میں آیا۔

نمبر۲۔ علامہ محمد اقبالؒ اور قائداعظم محمد علی جناحؒ نے انگریز اور ہندو قیادت کو بتایا کہ ہندوستان میں دو بڑی اقوام ہندو اور مسلمان ہیں۔ انکے نظریات، عقائد ایک دوسرے سے مختلف ہی نہیں بلکہ ایک دوسرے کے متضاد اور ایک دوسرے کا کفر ہیں۔ ہندو بت پرست اور مسلمان بت شکن اور توحید پرست ہیں۔ ہندوؤں کی عبادت گاہ مندر اور مسلمانوں کی مسجد شریف ہے۔ دونوں اقوام کی عبادات کے طریقے ایک دوسرے کے متضاد اور مختلف ہیں۔

نمبر۳۔ انکا ازدواجی زندگی کا نظام بھی مختلف ہے۔ مسلمان بیوہ کو دوسری شادی کرنے کے نظریات کے وارث اور ہندو بیوہ کو پتی کی ارتھی کے ساتھ چتا میں جل مرنے کے نظریات اور رسومات کے پابند ہیں۔

نمبر۴۔ ہندو انسانی ارتھی کو جلاتے اور مسلمان مردہ انسانی جسم کو دفن کرتے ہیں۔

نمبر۵۔ مسلمان گائے کا گوشت کھاتے اور ہندو گائے ماتا کی پرستش کرتے ہیں۔ ہندوؤں کا دستور حیات اور مسلمانوں کا دستور حیات مختلف اور متضاد ہے جو وجہ عناد ہے۔

نمبر۶۔ ہندو چار قومیتوں براہمن، کھتری، کھشتری، شودر کے طبقات میں منقسم ہیں۔ جسکے تحت براہمن شودروں سے نفرت وحقارت کرتے ہیں۔ اسکے علاوہ وہ مسلمانوں سے نفرت ہی نہیں بلکہ انکو شودروں سے بھی بدتر اور اپنا دشمن تسلیم کرتے ہیں۔ ان میں برابری اور مساوات کے شعور کا فقدان ہے، اسکے برعکس مسلمانوں میں کالے کو گورے پر کوئی فوقیت حاصل نہ ہے۔ مسلمان چار طبقات، براہمن وشودر کے نظریات کو تسلیم نہیں کرتے۔ ہندوؤں کی شادی کی رسومات اور مسلمانوں کی رسومات بھی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

مسلم امہ کا الگ ملک پاکستان حاصل کرنے کے واقعات اور محرکات کیا تھے

نمبر۷۔ مسلمان قرآن حکیم کے آئین نظریات تعلیمات کی روشنی میں پاکستان میں اسلامی نظام مملکت چلانے کیلئے افراد کے چناؤ اسلامی نظام سلیکشن کے ذریعے کرنے کے پابند ہونگے۔ جو اسلامی نظام مملکت، اسلامی دستور حیات، اسلام کی روشنی میں جدید علوم پر مشتمل ایک تعلیمی نصاب، ایک معیار کے تعلیمی ادارے رائج کر کے اسلامی کردار و تشخص، اسلامی تہذیب و تمدن اور قرآن حکیم کی تعلیمات کے مطابق اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کا نظام رائج کریں گے۔

نمبر۸۔ یہ وجوہات، یہ نقاط تھے جنکی وجہ سے انگریز اور ہندو قیادت کے ساتھ جنگ آزادی لڑی گئی۔ ہمارے اہل بصیرت رہنما۔۔۔! اپنے موقف کو درست ثابت کرنے میں کامیاب ہوئے۔ ایک الگ ملک اسلامی جمہوریہ پاکستان کے نام پر حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے

نمبر۹۔ کیا وجہ ہے کہ ۷۰ سال گذرنے کے بعد بھی پاکستان میں قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات، دینی اقدار، دینی دستور حیات، نظام مملکت، نظام سلیکشن کی سرکاری سرفرازی قائم کرنے اور قومی زبان اردو کا نفاذ کرنے کی بجائے انگریز کا مسلط کیا ہوا مذہب کش، مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی نظام حکومت اور انگریزی زبان کی سرکاری سرفرازی آج بھی جاری ہے۔

نمبر۱۰۔ انگریز رخصت ہوا، تو انگریز کا ہی پروردہ، پسندیدہ اور زر خرید جاگیردار سرمایا دار ٹولہ، جن کی ہمدردیاں اور وفائیں انگریز نے جاگیریں اور سرمایا دے کر خرید کی تھیں۔ جو ملکی غدار، ملک دشمن، عوام دشمن اور انگریز کی اطاعت اور ملک کے عوام پر حکمرانی اور انگریز کی حکومت کو جاری رکھنے کے جرائم میں برابر کے شریک تھے۔ جسکی وجہ سے انگریز نے انکو، انکی اولادوں کو اپنے حکومتی ایوانوں حکومتی اداروں میں شامل کر رکھا تھا۔ جو وہ انگریز کے حکم کے مطابق عوام الناس پر ہر قسم کا ظلم و تشدد، تھانے اور جیلوں میں سخت اذیتیں دیتے، انکو معذور بناتے اور قتال کرتے رہتے اور انگریز کی حکومتی رٹ کو جاری رکھتے تھے۔ انگریز رخصت ہوتے وقت پاکستان اس وقت کے جاگیردار، سرمایا دار حکومتی ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کے جلادوں کے سپرد کر گیا۔

نمبر۱۱۔ جو آج تک پاکستان کی مسلم امہ اور انکی نسلوں پر مارشل لا کی گن پوائنٹ پر ظلم و جبر، تھانے اور جیلوں میں اذیتناک تشدد کرتے، پاکستان میں معاشی معاشرتی دینی قتال کرنے، ملک دولخت کرنے، پاکستان میں مخلوط تعلیم، مخلوط معاشرہ، مخلوط حکومت بنانے،





مسلم امہ کا الگ ملک پاکستان حاصل کرنے کے واقعات اور محرکات کیا تھے

اپنی مستورات کو ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے نام پر حکومتی ایوان اور حکومتی ادارے مہیا کرنے، ملکی وسائل اور خزانہ پر شب خون مارنے۔ انکی شاہی طبقاتی تفاوتی تنخواہوں اور شاہی مراعات کے ذریعے ملک لوٹنے، رشوت، کمیشن، کرپشن کی چتا جلانے، انکے شاہی اخراجات کی بات کرنے اور انکی اس حکومتی رٹ کے خلاف احتجاج کرنے اور ۱۸۔ ۲۰ کروڑ مسلم امہ انکی نسلوں کو حکومتی ایوانوں اور حکومتی اداروں سے محروم کرنے کے خلاف آواز اٹھانے والوں کو طالبان اور دہشت گرد کا نام دے کر انکا انفرادی، اجتماعی قتال کرتے اور اپنی حکومتی رٹ کو جاری ساری رکھے ہوئے ہیں۔

نمبر ۱۲۔ انگریز نے ہندوستان کی سرزمین کو فتح کرنے کے بعد ملک میں عربی، فارسی حکومتی زبان کو ختم کر کے انگریزی زبان کو سرکاری زبان کا درجہ دیدیا۔ انگریز نے ہندوستان کی مفتوحہ اقوام کو قابو کرنے کیلئے ملک میں مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی نظام حکومت قائم کیا۔ اسکا نظام وسسٹم چلانے کیلئے انگریزی زبان کے اچی سن کالج نما کالجوں کا جال پورے ہندوستان میں بچھادیا۔ جہاں سے انگریزی زبان کے حکومتی ایوانوں اور حکومتی اداروں کا نظم ونسق چلانے والا حکومتی ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل فوج شاہی منصف شاہی، افسر شاہی کے سکالر تیار ہوتے۔ جن کو برٹش لا، امریکن لا، انڈین لا اور جیوری پروڈینس کے تعلیمی نصاب کے قوانین وضوابط اور ملک کے نظام وسسٹم کے سکالر بنایا جاتا جو ملک کا نظم ونسق چلاتے۔ انگریز کی حکومتی رٹ جاگیردار سرمایادار حکومتی ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل افسر شاہی منصف شاہی، فوج شاہی کا مراعات یافتہ شاہی طبقہ ملکی عوام کا معاشی معاشرتی قتال کرتا رہتا

نمبر ۱۳۔ انگریز کے رخصت ہونے کے بعد انکی باقیات کے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے انگریز کے ہی مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی معاشی معاشرتی، دینی قتال کے نظام حکومت کو جاری رکھا۔ اس نظام حکومت کے خلاف بات کرنا، احتجاج کرنا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے کفر کے نظام حکومت کی رٹ کو تسلیم نہ کرنا جرم بنادیا گیا ہے۔ طالبان یا دہشت گرد کون ہیں اور قتال کن کا جاری ہے۔

نمبر ۱۴۔ اگر پاکستان کی آزاد مملکت حاصل کرنے کا مقصد صرف معاشی ترقی، ایٹمی ترقی، میگا پروجیکٹس کی ترقی اور عالمی طاقتوں اور ملکی حکمرانوں کی فرمانبرداری اور اسی حکومتی ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی اجارہ داری ہی مسلط رکھنی تھی تو اس وقت کی برطانیہ جیسی ترقی یافتہ عالمی طاقت سے بہتر کون سی اور عالمی طاقت تھی۔

مسلم امہ کا الگ ملک پاکستان حاصل کرنے کے واقعات اور محرکات کیا تھے

انگریز نے ہندوستان میں سڑکوں کا جال، ریل گاڑی کی پٹڑیاں، لوہے کی لائینیں بچھا دیں۔ ریل چلا دی اور ریلوے اسٹیشن تعمیر کروا دیئے۔ ذرائع آمد و رفت کو کہیں بہتر بنا دیا۔ نہریں، بجلی گھر اور صنعتی انقلاب تو اسکے دور حکومت میں انڈیا میں جاری ہو چکا تھا۔ لیکن اسکے باوجود ہمارے اکابرین نے الگ ملک کیوں حاصل کیا۔ ان ملکی غداروں کی اجارہ داری جاری رکھنے یا قرآن حکیم کی روشنی میں دینی اقدار کو نافذ العمل کرنے کیلئے یہ ملک پاکستان حاصل کیا گیا تھا

نمبر ۱۵۔ یہ جنگ آزادی تو مسلمانوں نے اپنی آزادی، اپنے دین، اپنی دینی اقدار، اپنی تاریخ، اپنی قومی زبان اور اللہ تعالیٰ کی الہامی کتاب قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات کی روشنی میں اسلامی جمہوریت کا نظام مملکت قائم کرنے، ترقی یافتہ ممالک کی زبانوں کے سکالر تیار کرنے، انکے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے علوم کو اپنی قومی زبان میں منتقل کرنے کا عمل جاری کرنا تھا۔ لیکن جاگیردار، سرمایادار ٹولہ اور چار فوجی ڈکٹیٹرز اور انکا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ شاہی طبقہ کم وبیش پچھلے ستر سالوں سے ان مقاصد کے حصول میں بری طرح حائل ہوتا آرہا ہے۔

نمبر ۱۶۔ انگریز کا پروردہ چھ سات ہزار جاگیردار سرمایادار حکومتی ٹولہ یا مارشل لا کے چار فوجی ڈکٹیٹرز یا انکی اولادوں پر مشتمل فوج شاہی، افسر شاہی، منصف شاہی کے ایچی سن نما انگلش میڈیم شاہی اخراجات والے تعلیمی اداروں کے انگریزی زبان کے سکالرز یا انکا مذہب کش مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی نظام حکومت یا اس کفر کے نظام حکومت کو چلانے والے ملک کے مجرم اور دین کے باغی ہیں یا ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلیں اسلامی نظام مملکت کے نفاذ کی بات کرنے اور قومی زبان کے نفاذ کی آواز اٹھانے والے طالبان اور دہشت گرد ہیں۔ پاکستان کے قلم کار ٹی وی اینکرز تجزیہ نگار، اہل دانش، اہل بصیرت، حق گوئی و بیباقی کے وارث، دین کی شمع کو روشن کرنے والے اہل وطن مسلم امہ کو آگاہ کریں اور اسلامی نظام مملکت کے نفاذ کا راستہ بتائیں اور انکی منزل کی رہنمائی بھی فرمائیں۔

نمبر ۱۷۔ کیونکہ اہل وطن مسلم امہ نے تو آزادی، پاکستان میں قرآن حکیم کے آئین، نظریات اور تعلیمات کے مطابق دستور حیاتِ، اقدار حیات، امانت و دیانت، اخوت و محبت، عفوودرگذر، اعتدال و مساوات، عدل و انصاف پر مشتمل نظام مملکت رائج کرنا تھا۔ اسلامی کردار و تشخص تیار کرنا تھا۔





مسلم امہ کا الگ ملک پاکستان حاصل کرنے کے واقعات اور محرکات کیا تھے

جدید علوم پر مشتمل ایک تعلیمی نصاب، غیر طبقاتی تعلیمی ادارے، غور و فکر کے نامور سپوت، محنت و ہمت کے پیکر، نئی ایجادات کے موجد، ایک جیسا محنت کا عوضانہ، ایک جیسی سادہ ضروریات حیات، سادہ زندگی سادہ سی رہائشی کٹیا، ایک جیسا محنت کا عوضانہ کے اصول وضوابط، ایک جیسی پبلک ٹرانسپورٹ، ایثار و نثار کے جذبوں سے سرشار معاشرہ، حقوق فرائض سے آشنا اور آگاہ معاشرہ تیار کرنا تھا۔ کب تک این آر او کے مجرموں، معاشی معاشرتی، دینی قاتلوں سے اہل وطن مسلم امہ اور انکی نسلوں کو رہائی اور نجات مل سکے گی۔

نمبر ۱۸۔ اب انگریز تو ملک سے رخصت ہو چکا ہے۔ لیکن اسکا نظام حکومت، اسکے پرورده جاگیردار، سرمایادار اور فوجی ڈکٹیٹرز اور انکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، انکے افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی، نوکر شاہی کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کے ہاتھ لگ چکا ہے۔ جو پاکستان کے عوام کا بہت بڑا المیہ تھا اور ہے۔ انگریز کا مفتوحہ ملک کی عوام پر مسلط کیا ہوا استحصالی نظام حکومت، اسکا مکمل سیٹ اپ تمام انتظامیہ اور عدلیہ کا نظام اور سسٹم اسی طرح جاری ہے۔ اب انگریز کی جگہ انگریز کا پرورده جاگیردار سرمایادار ملکی غدار، عوام دشمن ٹولہ اور انکے مارشل لا کے چار فوجی ڈکٹیٹرز، انکا فوجی سیاسی حکومت ٹولہ، انکی اولادوں پر مشتمل ملک کے افسر شاہی، فوج شاہی منصف شاہی ، کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی افواج اور مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کی کمانڈ انکے ہاتھ لگ چکی ہے۔

نمبر ۱۹۔ سب سے بڑھ کر ملک وملت کا المیہ یہ ہے کہ ملک کے جاگیردار سرمایادار حکومتی ٹولہ کے ساتھ ملک کے علما کرام، مشائخ کرام جو قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات، اسلامی دستور حیات کے وارث ہیں وہ بھی مذہب کش مغربی جمہوریت کے کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کے حکومتی ٹولہ، اسکے نظام حکومت، دستور حیات، اسکے سیاسی نظام، اسکے سیاسی نظام الیکشن اور حکومت کا حصہ بن چکے ہیں۔ قرآن حکیم کے آئین کو ترک کر کے انسانوں کا تخلیق کیا ہوا برٹش لا، انڈین لا، امریکن لا، جیوری پروڈینس کے تعلیمی نصاب، اسکی روشنی میں تیار کیئے ہوئے قوانین وضوابط اور انکے انگلش میڈیم طبقاتی تعلیمی اداروں کے تیار کیئے ہوئے افسر شاہی منصف شاہی، فوج شاہی، نوکر شاہی کے حکومتی طبقاتی سکالرز تیار کرتے جو ملک کے انتظامیہ، عدلیہ افواج پاکستان کے ملکی اداروں کا نظام اور سسٹم چلاتے ہیں۔





مسلم امہ کا الگ ملک پاکستان حاصل کرنے کے واقعات اور محرکات کیا تھے

نمبر۲۰۔ پاکستان کے ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کو چار فوجی ڈکٹیٹرز، انگریز کا پروردہ جاگیردار سرمایادار ٹولہ، ملک کا علما کرام اور مشائخ کرام کا دینی ٹولہ اس مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کے مخلوط حکومتی اسمبلیوں کے مجرم کدہ میں رقصِ کفر میں مسحور نظر آتے ہیں۔ ان علما اور مشائخ کرام سے پوچھ لینا بہتر ہوگا کہ وہ مانتے تو قرآن حکیم، اسکے آئین، نظریات، تعلیمات، دستور حیات کو ہیں اور پیروی مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت جو انسانی تخلیق کیئے ہوئے برٹش لا، انڈین لا، امریکن لا اور جیوری پروڈینس پر مشتمل ہے کی کرتے ہیں۔ کیا کمال ہے کہ اطاعت اور حکمرانی کفر کے اس نظام حکومت کی کرتے ہیں اور تبلیغ اسلام کی کرتے ہیں۔ آپ اسلامی مبلغ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کو بتادیں کہ آپ کو کس نام سے پکارا جائے۔ مسلمان یا منکر، کافر یا منافق۔ اپنا جواب ۱۸۔۲۰ کروڑ اہل وطن مسلم امہ کو مختصر اور جامع دیں۔ تاکہ آئیندہ فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، علما اور مشائخ کرام کا ٹولہ اور انکی اولادوں یعنی افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کو اس نام سے پکارا جاسکے۔

نمبر۲۱ پاکستان کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی انگریزی زبان کے لکھنے، پڑھنے کی فوقیت پر انکی اہلیت ناپی تولی جاتی ہے۔ ملک کے حکومتی اداروں کے ذریعے انہی کے ظلم وجبر اور معاشی معاشرتی، دینی قتال اور عوام الناس کو تھانے کچہریوں کی اذیتوں سے دوچار کر کے ۹۰ سال تک انگریز نے اپنی مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کو اسی مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی وجہ سے قائم ودائم رکھا۔ انگریز سے آزادی حاصل کرنے کے بعد ملک آزاد ہوگیا۔ انگریز کی بجائے پاکستان کا جاگیردار سرمایادار ٹولہ چار فوجی ڈکٹیٹرز کا ٹولہ، علما اور مشائخ کرام کا قرآن حکیم اور اسکے مبلغوں کا مذہبی ٹولہ، انکی اولادوں پر مشتمل افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی، نوکر شاہی کا مراعات یافتہ شاہی طبقہ اہل وطن مسلم امہ اور انکی نسلوں کیلئے ایک کینسر بن چکا ہے۔

نمبر۲۲۔ مارشل لا کے چار فوجی ڈکٹیٹروں، انکے چند کور کمانڈروں کی تعداد گن لو اور دوسری طرف پیپلز پارٹی، مسلم لیگ نون، ایم کیو ایم، مسلم لیگ ق، عوامی لیگ اور انکی دوسری اتحادی مذہبی سیاسی جماعتوں کے اسمبلی ممبران، حکومتی عہدہ داروں اور انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کے شاہی طبقہ کی تعداد گن لو اور انکا ملکی وسائل ذرائع آمدن، تجارت، رشوت، کرپشن، کمیشن جیسے جرائم سے اکٹھی کی ہوئی دولت اور وسائل،





مسلم امہ کا الگ ملک پاکستان حاصل کرنے کے واقعات اور محرکات کیا تھے

انکی شاہی تنخواہوں، شاہی ایوانوں، شاہی رہائشوں، قیمتی سرکاری گاڑیوں، سرے محلوں رائیونڈ ہاؤسوں بنی گالا ہاؤسوں، شاہی پیلسوں کا ۱۸۔۲۰ کروڑ پر مشتمل کسانوں، مزدوروں، محنت کشوں، ہنرمندوں کی دولت اور وسائل اور سادہ سی رہائشی کٹیا سے موازنہ کرلو، تو حقائق واضح ہوجائیں گے کہ ۱۸۔۲۰ کروڑ عوام کا استحصال کون کرتا آرہا ہے اور دہشت گرد کون ہیں۔ اگر پاکستان میں اعتدل ومساوات اور عدل وانصاف کا اسلامی نظام مملکت رائج کرنا ہے تو رائج الوقت مذہب کش مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی نظام حکومت، اسکا غاصب حکومتی ٹولہ اور باطل مراعات یافتہ شاہی طبقہ کو ختم کرنا ہوگا

نمبر۲۳۔ اگر ان مجرموں سے ملک بچانا ہے تو افواج پاکستان کی نو لاکھ سپاہ، کروڑوں اردو میڈیم اور دینی درسگاہوں کے ملکی طلبا، طالبات، انکے معلموں اور ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے کسانوں، مزدوروں، محنت کشوں، ہنرمندوں، نچلے طبقہ کے ملازمین کو ایک مرکز پر اکٹھا ہونا ہوگا۔ اہل وطن مسلم امہ کو انگریز کے پروردہ، ملکی غدار جاگیردار سرمایادار ٹولہ پر مشتمل سیاستدانوں انکے مارشل لا کے مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت، نظام الیکشن، انکے سیاسی جماعتوں کے مختلف نظریات، انکے منشوروں، انکی سیاسی جماعتوں کے مختلف سیاسی فرقوں اور مسلم امہ کی ملی جمعیت کو بکھیرنے کے نظام کو ختم کرنا ہوگا۔

نمبر۲۴۔ قرآن حکیم کے نظریات کی وحدت کو مختلف متضاد نظریات کے منشوروں میں تقسیم کرنے کا سسٹم، پاکستان کا قرآن حکیم کے نظریات کے خلاف طبقاتی مخلوط تعلیمی نظام، طبقاتی مخلوط تعلیمی ادارے، طبقاتی مخلوط حکومتی ٹولہ، طبقاتی مخلوط افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کا مراعات یافتہ شاہی طبقہ، براہمن وشودر تیار کرنے والا طبقاتی مخلوط تعلیمی نظام، طبقاتی مخلوط معاشرہ، طبقاتی مخلوط معاشی تقسیم، مارشل لا کا مذہب کش مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی نظام حکومت، انکا فوج شاہی، افسر شاہی منصف شاہی، نوکر شاہی کا مراعات یافتہ شاہی سرکاری طبقہ، انکی باقیات دوسری طرف ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کیلیئے دینی درسگاہوں دینی مدرسوں جو خیرات صدقات چندوں کے ذریعے کسانوں مزدوروں محنت کشوں، ہنرمندوں، بیروزگاروں محتاجوں، مفلوجوں، یتیموں بیواؤں کی اولادوں پر مشتمل قرآن حکیم اسکے نظریات تعلیمات جنکے ذریعے دینی تہذیب دینی معاشرہ تیار ہوتا ہے۔ ان کیلیئے انگریزی کلچر کے کفر کے حکومتی ایوان، حکومتی ادارے شجر ممنوع بنادیئے گئے ہیں۔





باباجی عنایت اللہ

جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

مسلم امہ کا الگ ملک پاکستان حاصل کرنے کے واقعات اور محرکات کیا تھے

نمبر۲۵۔ انگلش میڈیم مخلوط طبقاتی حکومتی تعلیمی اداروں، اردو میڈیم اور دینی تعلیمی اداروں کا تعلیمی نصاب کا تضاد، انگریزی زبان کی حکومتی بالادستی، قومی زبان اردو کی حکومتی محرومی، مارشل لا کے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے اسمبلی ممبران کا تخلیق کیا ہوا مذہب کش مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی نظام حکومت اور اسلامی نظام مملکت کے نظام حکومت کا تضاد پاکستان میں وجہ عناد اور دہشت گردی کی بنیاد بنا پڑا ہے۔ مارشل لا کا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور انکی باقیات کفر کے نظام حکومت، حکومتی ایوانوں، حکومتی اداروں اور نہ ہی ملکی وسائل اور خزانہ پر اپنی اجارہ داری ختم کرنا چاہتے ہیں۔ ان ملکی ملی جرائم، انکے حکومتی ٹولہ، انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ، انکے لواحقین کو ختم کرنا، ملکی وسائل اور معاشیات کی دیمک کو ختم کرنے کے برابر ہے۔ اس سے ملک، ملکی عوام انکی معاشی معاشرتی دینی دہشت گردی اور قتال سے بچ سکے گی۔

نمبر۲۶۔ کیا انگریز اور ہندو قیادت سے جنگِ آزادی ہمارے اہل بصیرت رہنماؤں علامہ محمد اقبالؒ اور قائداعظم محمد علی جناحؒ نے پاکستان کے چار فوجی ڈکٹیٹروں، انکے چند کور کمانڈروں، انکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور انکی باقیات کیلئے معرض وجود میں لایا تھا یا قرآن حکیم کے آئین نظریات، تعلیمات، دینی اقدار کو رائج کرنے کیلئے الگ ملک حاصل کیا تھا۔ جنکی اجارہ داری سے نہ کوئی اہل وطن اسمبلی ممبر بن سکتا ہے۔ نہ حکومتی ایوانوں تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ نہ انکے اسمبلی ممبران کے پاس کردہ استحصالی قوانین کو روک سکتا ہے۔ نہ انکی باطل غاصب حکومتی رٹ کو چیلنج کر سکتا ہے۔ نہ ملک کو دولخت کرنے سے روک سکتا ہے۔ ان ملک دشمن مجرموں نے یہ ملکی جرائم رواں دواں کر رکھے ہیں

نمبر۲۷۔ فوجی ڈکٹیٹرز اور انکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور انکی باقیات کے ملک دشمن، ملکی آئین توڑنے، ملک دشمن پالیسیاں نافذ کرنیوالوں، ملکی غداروں جن کو تختہء دار پر لٹکنا تھا، انکے اذیتناک ملکی وسائل اور خزانہ کے لوٹنے کے بھیانک ڈاکے، احتجاج کرنے والوں کو طالبان اور دہشت گردوں کا نام دیکر ان کا حشر نشر کرنے اور عوام الناس کا معاشی معاشرتی، دینی اور فزیکل قتال کرنے اور ملک کے وسائل اور خزانہ کو لوٹنے اور بیرون ممالک مختلف بنکوں میں ٹرانسفر کرنے اور مختلف اقسام کی جائیدائیں بنانے کے سیاہ باب موجود ہیں جو وہ بدقسمتی سے رقم کرتے جا رہے ہیں۔





کیا اسلام دنیا کو نظام دین دینے یا بے دین نظام کی اطاعت کرنے آیا ہے

نمبر۱۔ معظم و محترم جناب مولانا مودودی صاحب، مولانا مفتی محمود صاحب، مولانا شاہ احمد نورانی صاحب، اہل تشیع کے علما کرام اور انکی باقیات اور انکی سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں سے ملتجی ہوں وہ اہل وطن مسلم امہ، انکی نسلوں اور اپنے ورکروں کو آگاہ کریں کہ موجودہ نظام حکومت اسلامی یا غیر اسلامی ہے۔ اگر غیر اسلامی ہے تو ہم کون۔ !مسلمان، منکر، کافر یا منافق ہیں۔!

نمبر۲۔ کیا اسلامی جمہوریہ پاکستان لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ کے نام پر معرض وجود میں آیا تھا یا انگریز کے مفتوحہ ملک کی عوام کو غلام، قیدی، محکوم بنانے کیلیئے انگریز کا مسلط کیا ہوا مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کو جاری رکھنے کیلیئے پاکستان کا الگ ملک حاصل کیا گیا تھا۔

نمبر۳۔ کیا پاکستان قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات، اعتدال و مساوات، عدل و انصاف کے دستور حیات کی روشنی میں اسلامی کردار و تشخص تیار کرنے اور اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کو قائم کرنے کیلیئے وجود میں لایا نہیں گیا تھا۔

نمبر۴۔ کیا پاکستان میں اسلامی نظام مملکت چلانے کیلیئے اسلامی جمہوریت کا نظام مملکت، اسلامی نظام سلیکشن کے سلیکٹ کیئے ہوئے اسلامی نمائندے موجود ہیں جو اسلامی نظام مملکت چلا سکیں۔ اگر پاکستان میں انگریز کا نافذ کیا ہوا (مذہب کش مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی) نظام حکومت اور اسکا نظام الیکشن جاری ہے تو اس کے کون ذمہ دار ہیں۔ جاگیر دار سرمایا دار فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ یا ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ یا انکی نسلیں مجرم ہیں۔

نمبر۵۔ کیا اسلام دنیا کو نظام مملکت، اسکا نظام سلیکشن دینے کیلیئے آیا ہے یا بے دین اور لادین انسانوں کے تخلیق کیئے ہوئے مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کی پیروی یا اطاعت کرنے کیلیئے آیا ہے۔

نمبر۶۔ کیا عالم دین اسلامی نظام مملکت کے اسلامی نظام سلیکشن اور مغربی جمہوریت کے نظام الیکشن کے فرق سے آشنا نہیں۔ پھر یہ اسلامی سیاسی جماعتیں کفر کے نظام حکومت میں شامل کیوں!۔



بابا جی عنایت اللہ



جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

کیا اسلام دنیا کو نظام دین دینے یا بے دین نظام کی اطاعت کرنے آیا ہے

نمبر۷۔ کیا اسلامی جمہوریت کا نظام مملکت اسکا نظام سلیکشن اور مغربی جمہوریت کا نظام حکومت اور نظام الیکشن ایک دوسرے کے متضاد اور ایک دوسرے کا کفر نہیں ہے۔

نمبر۸۔ کیا یہ درست ہے کہ اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت کو چلانے والوں کا چناؤ مخصوص علاقہ، اہل محلہ، یونین کونسل کی سطح پر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ آبادی کا ہر فرد کم وبیش ایک دوسرے کے کردار اور اہلیت سے آشنا ہوتا۔ وہ آپس میں بہتر اوصاف کے افراد کا چناؤ کرتے ہیں جو اسلامی نظام مملکت کو احسن طریقہ سے چلانے کی اہلیت رکھتے ہوں۔ اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت کیلئے کوئی فرد اپنے کاغذات نامزدگی برائے ممبر شپ کی سلیکشن کیلئے پیش نہیں کرتا

نمبر۹۔ اگر یونین کونسل کے افراد کی کل تعداد نو ہزار افراد پر مشتمل ہے تو تمام افراد الیکشن یا سلیکشن کے خاموش امیدوار ہوتے ہیں۔

نمبر۱۰۔ اہل علاقہ کا دینی فرض بنتا ہے کہ وہ ایسے فرد کا چناؤ یا انتخاب کریں جو ان میں سے قرآن حکیم کی تعلیمات کی روشنی میں اعلیٰ وافضل اہلیت کا مالک ہو۔ بہتر و بہترین کردار و تشخص کا وارث ہو۔ یعنی جس فرد کی زندگی سادگی، شرافت، اسوہ حسنہ حسن خلق، امانت و دیانت، شرم وحیا، عدل وانصاف نبی کریم ﷺ کے دستور حیات کے قریب ترین ہو اور اعلیٰ اوصاف اور بہترین اہلیت کا مالک ہو، سادگی و شرافت کا وارث ہو، ایسے افراد کا چناؤ کیا جاتا ہے اور ملک کا نظام مملکت انکے سپرد کیا جاتا ہے۔

نمبر۱۱۔ اسلامی جمہوریت کے ممبران اور امیر المومنین کی اپوزیشن کے فرائض اہل علاقہ، اہل حلقہ اور اہل وطن کے تمام افراد ادا کرتے ہیں۔ ہر فرد نظام مملکت کے ممبر سے لیکر امیر المومنین سے پوچھ سکتا ہے کہ یہ کرتہ کیسے بنا ہے۔ وہ اسکے جواب دہ ہوتے ہیں۔

نمبر۱۲۔ ملک یا ریاست کا نظام مملکت مسجد شریف میں بیٹھ کر قرآن حکیم کی روشنی میں باہمی مشاورت سے اجتماعی طور پر تیار اور نافذ کیا جاتا ہے۔

نمبر۱۳۔ اسلامی جمہوریت کے ممبران کی سلیکشن کو سمجھنے کیلئے کسی ارسطو کی ضرورت نہیں۔ ممبران کے چناؤ کا نظام وسسٹم نہائیت سادہ، سلیس، عام فہم اور بغیر کسی اخراجات کے عمل میں لایا جاتا ہے۔ اس نظام مملکت میں نہ کوئی سیاسی جماعت ہوتی ہے اور نہ مسلم امہ کی جمعیت کو سیاسی جماعتوں کے کفر کے منشوروں اور فرقوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

کیا اسلام دنیا کو نظام دین دینے یا بے دین نظام کی اطاعت کرنے آیا ہے

نمبر۱۴۔ نہ ملک کے مذہب کش مغربی جمہوریت کے قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات کے متضاد کفر کے نظام حکومت پر پانچ چھ ہزار جاگیردار سرمایا دار یا چار فوجی ڈکٹیٹرز اور انکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کی اجارہ داری مسلط ہوتی ہے۔ نہ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کو ووٹر بنا کر مغربی جمہوریت کی طرح الیکشنوں کے چناؤ اور حکومتی ایوانوں کے ملکی فرائض ادا کرنے سے محروم کیا جاسکتا ہے۔ اسلامی نظام مملکت میں ظلم وجبر اور عدل کشی کا خاتمہ ہوتا ہے

نمبر۱۵۔ نہ اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت کے اسمبلی ممبران کے چناؤ یا سلیکشن کیلئے کسی جاگیردار، سرمایا دار کی اجارہ داری مسلط ہوسکتی ہے۔ نہ ٹی وی، اخبارات یا دوسرے ذرائع ابلاغ کے ذریعے اپنی سیاسی جماعتوں کے منشوروں، ذاتی خوبیوں، اعلیٰ اہلیت، جھوٹے وعدوں، مکر وفریب، دغا ودھوکہ کی سیاست اور مادی وسائل اور افرادی قوت کو بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ ہر فرد آزادی کے ساتھ اپنی ضمیر کے مطابق اعلیٰ اہلیت کے فرد کا چناؤ کرتا ہے۔

نمبر۱۶۔ نہ ووٹ مال وزر سے خرید کئے جاسکتے ہیں۔ نہ صندوقچیاں جعلی ووٹ سے بھری جاتی ہیں۔ نہ گلی محلوں میں سڑکیں تعمیر کرنے، بجلی، گیس، پانی کی سپلائی مہیا کرنے کی جھوٹی تشہیر کے ذریعے ووٹ حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ نہ اسلامی جمہوریت کے ممبر شپ کے چناؤ کیلئے کسی قسم کی سیکورٹی یا کسی قسم کے اخراجات کی ضرورت ہوتی ہے۔

نمبر۱۷۔ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ پاکستان میں ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں پر انگریز کا تخلیق کیا ہوا، مذہب کش مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی نظام حکومت نظام الیکشن اہل وطن مسلمانوں پر آج تک مسلط اور جاری ہے۔ مسلم امہ کو سیاسی جماعتوں کے کفر کے سیاسی فرقوں میں تقسیم کر رکھا ہے۔

نمبر۱۸۔ انگریز نے یہ نظام حکومت ایک مفتوحہ ملک کی عوام کو بے بس، مجبور، قیدی، غلام محکوم اپاہج بنانے، اپنی اجارہ داری قائم رکھنے کیلئے انتظامیہ، عدلیہ یعنی تھانے، کچہریوں کا جابرانہ اذیتناک استحصالی حکومتی نظام اور سسٹم اپنی حکومتی رٹ جاری رکھنے کیلئے مسلط کر رکھا تھا۔

نمبر۱۹۔ پاکستان آزاد ہونے کے بعد ملک پر انگریز کا پروردہ وہی پانچ، چھ ہزار جاگیردار سرمایا دار ٹولہ نظام حکومت اور نظام الیکشن کا وارث بن گیا۔ اہل وطن ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کو اس نظام حکومت اور نظام الیکشن کے انتخاب میں ووٹر کی حیثیت جاری رکھی۔





کیا اسلام دنیا کو نظام دین دینے یا بے دین نظام کی اطاعت کرنے آیا ہے

نمبر۲۰۔ پہلے وہ انگریز کے نظام حکومت، نظام الیکشن کے پابند، انکے انتظامیہ، عدلیہ کے اذیتناک، عبرتناک معاشی معاشرتی نظام قتال کے ذریعے غلام، قیدی، محکوم، معذور بنالئے گئے تھے۔ انگریز کے رخصت ہونے کے بعد انگریز کے پروردہ پانچ، چھ ہزار جاگیردار سرمایادار ٹولہ پر مشتمل کالے انگریزوں نے پاکستانی عوام کو انگریز کے رائج الوقت نظام حکومت، نظام الیکشن کے مذہب کش مغربی جمہوریت کے کفر کے باطل، غاصب، مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کے ذریعے مارشل لا کے چار ڈکٹیٹرز، انکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے فرزندان کو قیدی، غلام، محکوم، بے بس، مجبور، معذور بنا رکھا ہے

نمبر۲۱۔ اس درندہ صفات، خون خوار، سفاک انگریز کے پروردہ فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے پاکستان کو جیل، ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ، انکی نسلوں کو بے بس، مجبور، قیدی، غلام، محکوم بنا کر رکھ دیا ہے۔ اس جاگیردار سرمایادار فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ انکے نظام حکومت، نظام الیکشن کے علاوہ مختلف دھاندلیوں کے ذریعے حکومتی ایوانوں تک رسائی کا شور دنیا بھر میں سنائی دیتا ہے۔

نمبر۲۲۔ اس حکومتی دھاندلی کے خلاف سیاسی جماعتیں، انکے ورکر صوبائی حکومتی ایوانوں سے لیکر وفاقی حکومتی ایوانوں تک گھیراؤ کرتے، دھرنے دیتے، حکومتی ایوانوں میں گھستے، ملکی نظام کو درہم برہم کرتے، مفلوک الحال عوام کو بیروزگاری، تنگ دستی سے دوچار کرتے آرہے ہیں۔ انکی وجہ سے پاکستان میں دہشت گردی اور خانہ جنگی جاری ہے۔

نمبر۲۳۔ دنیا بھر میں پاکستان کی شہرت کو خراب کرتے، ملکی تجارت اور کاروبار کو بدتر حالات سے گذارتے، بار بار الیکشن کرواتے، ملکی وسائل اور خزانہ کا بری طرح نقصان کرتے، حکومتی ایوانوں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے تمام این آر او کے مجرموں کو اپنی سیاسی جماعت کا حصہ بناتے، حکومتی کھیل آپس میں جاری رکھتے، عوام الناس کو آپس کی دھاندلیوں، ملکی وسائل، خزانہ لوٹنے، سوئس بنکوں میں پڑی دولت کے انکشافات کرنا اور عوام دشمن دھاندلی اور ملک دشمن دھاندلیوں کے انکشافات کرنا انکا معمول بن چکا ہے۔

نمبر۲۴۔ جب کوئی انتظامیہ، عدلیہ کا ملکی ادارہ یا فوج انکے خلاف کاروائی کرنا چاہتی ہے تو ملک کے تمام اسمبلیوں کے ممبران حکومتی مجرم، دہشت گرد، اسمبلی ایوانوں میں اکٹھے ہو جاتے ہیں اور خود ساختہ آئین کی روشنی میں ہر قسم کی کاروائی کو روک دیتے ہیں۔





کیا اسلام دنیا کو نظام دین دینے یا بے دین نظام کی اطاعت کرنے آیا ہے

نمبر۲۵۔ کتنی حیرت کی بات ہے نہ عوام الناس اسمبلیوں تک پہنچ سکیں اور نہ انکے این آر او جیسے قوانین کو بدل سکیں اور نہ ان مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچا سکیں۔ اہل وطن کیساتھ کتنا بڑا دھاندلہ، کتنا بڑا دھوکہ، کتنا بڑا فریب مذہب کش مغربی جمہوریت کے کفر کے مجرمانہ باطل، غاصب، استحصالی نظام حکومت کے روپ میں رائج اور جاری ہے۔

نمبر۲۶۔ پاکستان لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ کے نام پر معرض وجود میں آیا تھا۔ جہاں اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کو قائم کرنا تھا۔ جہاں قرآن حکیم کے آئین، نظریات تعلیمات، دستور حیات کو رائج کرنا تھا۔ جہاں قرآن حکیم کے نظریات کی روشنی میں اسلامی نظام مملکت کے ممبران کی سلیکشن کا طریقہ کار عمل میں لانا تھا۔ جہاں انگریز کا مسلط کیا ہوا مذہب کش مغربی جمہوریت کے کفر کا ملکی غدار جاگیردار سرمایادار ملکی ملی مجرم حکومتی ٹولہ کی معاشی معاشرتی اجارہ داری کو ختم کرنا تھا۔ جہاں معاشی معاشرتی، طبقاتی، تفاوتی سرکاری نظام حکومت کو ختم کرنا تھا۔ جہاں ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے کسان مزدور محنت کش ہنر مند معلم، پاکستان کے سرکاری ملازمین کا معیار حیات ضروریات حیات میں اعتدل و مساوات اور عدل قائم کرنا تھا۔

نمبر۲۷۔ جہاں دین کی روشنی میں ایک تعلیمی نصاب اور ایک جیسے تعلیمی ادارے، ایک جیسی بنیادی تعلیمی سہولتیں اہل وطن کو مہیا کرنی تھیں۔ جہاں انکے باطل، غاصب نظام حکومت اور رائج الوقت استحصالی طبقاتی نظام تعلیم، استحصالی نظام الیکشن کو ختم کرنا تھا جو اسلامی نظام سلیکشن کے متضاد ایک دوسرے کی ضدیں ایک دوسرے کا کفر ہے۔ جہاں فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ انکی باقیات مارشل لا کی گن پوائنٹ پر کفر کا مخلوط مجرمانہ استحصالی نظام حکومت اور اسکے کفر کی حکومتی رٹ کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ملک کے حکومتی ٹولہ، انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کا ملکی وسائل اور خزانہ پر مجرمانہ قبضہ، انکی اجارہ داری کا تدارک وقت کی ضرورت اور ملک کی بقا کیلئے ضروری ہے۔





مسلم امہ کے تمام سیاسی ورکرز کا سوال ہے کہ طالبان، دہشت گرد کون ہیں!

نمبر۱۔ پاکستان کے ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے فرزندان، ستر فیصد کسانوں اور انتیس فیصد مزدوروں، محنت کشوں، ہنرمندوں، عوام الناس، تمام سیاسی جماعتوں، تمام مذہبی سیاسی جماعتوں کے محبّ وطن ورکرز، ملک کی تمام افواج کی ۹ لاکھ انمول فوجی سپاہ، ملک کی عدلیہ، انتظامیہ کے شودر طبقہ کے نچلے درجہ کے ملازمین، پاکستان کے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، انکے ذرائع ابلاغ کے مبلغ ٹی وی اینکرز تجزیہ نگاروں قلم کاروں اخبار نویسوں کالم نگاروں سے سوال پوچھتے ہیں کہ انکو حالات وواقعات کی روشنی میں آگاہ فرمادیں کہ طالبان اور دہشت گرد کون ہیں!۔

نمبر۲۔ ملک کا آئین توڑنے والا فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اسکے چند کور کمانڈر اور اسکا جاگیردار، سرمایادار سیاسی حکومتی ٹولہ ملکی غدار، ملک دشمن پالیسیاں نافذ العمل کرنے والا ملکی ملی مجرم، مارشل لا نافذ کرنے والا فوجی سیاسی دہشت گردوں کا حکومتی ٹولہ ہے یا ۱۸۔۲۰ کروڑ محکوم، غلام، قیدی، بے بس۔ مجبور، معذور اہل وطن مسلم امہ اور انکی نسلیں دہشت گرد ہیں۔

نمبر۳۔ ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے نام پر ملک کے بجٹ کا ۵۱ فیصد خزانہ حکومتی ٹولہ کی مستورات کو ایم پی اے، ایم این اے، سینیٹر، مشیر، وزیر، وزیر اعلیٰ، گورنر، سفیر، وزیر اعظم، صدر پاکستان کے حکومتی عہدے مہیا کرنے، انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی کی مستورات کے اخراجات کا ۵۱ فیصد اضافی بجٹ انکے لئے وقف کرنا۔ حکومتی ٹولہ انکی مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی مستورات کو حکومت اور حکومتی خزانہ کی لوٹ مار میں شامل کرنا، مخلوط تعلیم مخلوط معاشرہ مخلوط حکومت کے ذریعے ملک کو ریڈ لائیٹ ایریا بنانا، ملک میں مخلوط طبقاتی تعلیم مخلوط طبقاتی معاشرہ مخلوط طبقاتی حکومت کی اجارہ داری کے ذریعے قرآن حکیم کے نظریات، تعلیمات، اخلاقیات اور اسلامی تہذیب وتمدن کو کچلنے والا، ملکی وسائل خزانہ لوٹنے والا حکومتی ٹولہ طالبان اور دہشت گرد ہے یا ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے فرزندان قرآن حکیم کے باغی اور اسلامی نظام مملکت کے قاتل، مجرم، ملک دشمن، عوام دشمن، اسلام دشمن ہیں۔

نمبر۴۔ پاکستان میں ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے اس مجرمانہ قانون کے نفاذ کے خلاف لال مسجد کے، مدرسہ حفصہ کے سات ہزار طلبا، طالبات نے احتجاج کیا، مارشل لا کے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے لال مسجد کا گھیراؤ کیا۔ رینجر اور فوج کے ذریعے ان میں سے بیشتر کا قتال کردیا جو پاکستان میں خانہ جنگی کی وجہ بنا





مسلم امہ کے تمام سیاسی ورکرز کا سوال ہے کہ طالبان، دہشت گرد کون ہیں!

فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ، انکی ملک بھر کی دینی، تعلیمی درسگاہوں کے طلبا طالبات کو طالبان، دہشت گرد کا نام دیا، افغانستان کے خلاف، اہل وطن پاکستانی مسلم امہ کی مرضی کے متضاد امریکہ کو شمسی ائیربیس دیا، پاکستان کو امریکہ کی فوجی چھاؤنی اور ملک دشمن فارن پالیسیاں بنانے جیسے گھناؤنے جرائم مارشل لا کی حکومت کا حصہ تھے۔ کیا ان جرائم کا مرتکب فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ تھا یا ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے قیدی، غلام محکوم، مجبور، بے بس، اپاہج فرزندان تھے۔

نمبر۵۔ افغانستان جیسے مسلم ہمسائے ملک کے پانچ چھ لاکھ معصوم و بیگناہ افراد کا قتال کروانا، دو تین لاکھ انسانوں کے اعضا فضا میں بکھیرنے کے جرائم جاری رکھنا، پاکستان کے شمالی علاقہ جات پر ڈرون حملوں کے ذریعے بیگناہ معصوم بچے بچیوں، مرد و زن کا قتال کروانا، افغانستان میں قرآنی نظریات اور اسلامی جمہوریت، اسکے نظام مملکت، اسکے تہذیب و تمدن کو کچلنا، اسکے دینی تعلیمی ادارے بند کرنا، انکی جگہ سکول کالجز یونیورسٹیوں کے ذریعے مخلوط تعلیم اور مغربی مخلوط کلچر کو فروغ دینا۔ پاکستان کو امریکہ اسکے اتحادی ممالک کی فوجی چھاؤنی بنانا۔ انڈیا کی را، اسرائیل کی مساد، امریکہ کی سی آئی اے، بلیک واٹر جیسی خفیہ فوجی ایجنسیوں کا پاکستان میں داخل ہونا یہ تمام جرائم مارشل لا کے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ یا اہل وطن مسلم امہ نے کیئے ہیں۔

نمبر۶۔ نواب بگٹی انکے عزیز و اکارب کا قتال کروانا بے نظیر کو قتل کروانا، عافیہ صدیقی پاکستان کی بیٹی کو امریکہ کے حوالے کرنا، ڈاکٹر بشیر الدین محمود ایٹمی سائنس دان اور ملک کو ایٹمی طاقت بنانے والے ڈاکٹر قدیر صاحب جیسے نامور سائنس دان کو پابند سلاسل رکھنا اور شمالی علاقہ جات کے مذہب پرست عوام کو طالبان، دہشت گرد بنانا اور انکا قتال کرنا، لاکھوں انسانوں کو ہجرت کی اذیتوں میں گذارنا، بھوک ننگ اور فاقوں سے دوچار کرنا، ان جرائم کے خلاف آواز اٹھانے والوں کا قتال کرنا، ملک میں خانہ جنگی کو مسلط کرنا، مشرقی پاکستان کی طرح صوبوں میں نفاق ڈالنے کا ظلم اور جرم رائج کرنا، فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکے چند کور کمانڈرز، اسکے مسلم لیگ ق کے وزیر اعظم شوکت عزیز، چوہدری شجاعت حسین، چوہدری پرویز الٰہی، ایم کیو ایم کے الطاف حسین، عوامی مسلم لیگ کے اکلوتے ممبر اور اکلوتے رہنما شیخ رشید اور انکی اتحادی سیاسی جماعتوں کے صوبائی، وفاقی اور سینٹ کے حکومتی مرد و زن، ملک دشمن ملکی ڈاکو اسمبلی ممبران، ملک پر نو سال تک فوج کی گن پوائنٹ پر ملک لوٹنے والے رہزن، ملکی آئین توڑنے والے ملکی غدار، ملک دشمن پالیسیاں، مجرمانہ قوانین مسلط کرنے والے ملکی دہشت گرد معاشی، معاشرتی، دینی قتال کرنے والے بے رحم بے دین حکومتی طالبان ملکی ملی مجرم ہیں یا اہل وطن ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ طالبان اور دہشت گرد ہیں۔





بابا جی عنایت اللہ

جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہوتو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

مسلم امہ کے تمام سیاسی ورکرز کا سوال ہے کہ طالبان، دہشت گرد کون ہیں!

نمبر۷۔ ایٹمی سائنس دان ڈاکٹر قدیر صاحب کے مطابق ایٹمی نایاب مشینری کو امریکہ کے حوالے کرنا، پاکستان کے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ اس انمول قیمتی اثاثہ کی حفاظت کا ذمہ دار ہے۔ یہ فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے اقتدار اور حکومت کے جرائم کی اذیتناک داستان ہے۔ کیا فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکا فوجی سیاسی ملک دشمن، عوام دشمن، ملکی غدار حکومتی ٹولہ، اسکی باقیات مجرم ہے یا اسکے خلاف آواز اٹھانے والے اہل وطن مسلم امہ کے دینی درسگاہوں کے طلبا، طالبات یا عوام الناس ملک کے طالبان اور دہشت گرد ہیں۔

نمبر۸۔ مارشل لا کے نو سال کے طویل عرصہ تک ملکی عوام کو قیدی اور پاکستان کو جیل میں بدلنے، ملکی خزانہ کی لوٹ مار، غبن، رشوت کمیشن، کرپشن کے جرائم کے مجرم، ملکی وسائل، ذرائع آمدن، تجارت، شاہی ایوانوں، حکومتی اداروں پر قبضہ کرنے کے مجرم، ملکی غیر ملکی قرضوں اور ملک کے تمام مجرموں کے سرے محل، سوئس بنکوں میں پڑے ہوئے ڈالروں، ملک، بیرون ممالک ملوں، فیکٹریوں، کارخانوں کے قرضوں کی معافی، اندرون ملک بیرون ممالک میں لوٹ مار کی دولت سے تیار کی ہوئی تمام جائیدادوں ملکیتوں کی معافی کے جرائم، ایک خود ساختہ پاکستان کے آئین کے خلاف مارشل لا کے این آر او کے مجرمانہ قانون کے تحت ملک کا فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکے دو چار کور کمانڈرز، اسکا شوکت عزیز وزیر اعظم، مسلم لیگ ق کے چوہدری برادران، پرویز الٰہی، شجاعت حسین، ایم کیو ایم کے الطاف حسین، اپنی اکلوتی لیگ کے اکلوتے رہنما شیخ رشید انکے حواری اور اتحادی فوجی سیاسی جماعتوں، دینی سیاسی جماعتوں کا حکومتی ٹولہ ملک دشمن، دہشت گرد، مجرم اور واجب القتل ہے یا ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ انکی نسلوں کے سپوت جو اس استحصالی مجرمانہ قوانین کے خلاف آواز اٹھاتے اور احتجاج کرتے ہیں وہ طالبان اور دہشت گرد، مجرم اور واجب القتل ہیں۔

نمبر۹۔ پیارے عزیز مسٹر عمران خان تم کیسے رہنما ہو، یاد رکھو! آزادی کی جنگ لڑنے والے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے این آر او کے تمام ملک دشمن، ملکی غداروں، ملکی مجرموں کو ساتھ لے کر سازش نہیں کرتے۔ ۱۸۔۲۰ کروڑ عوام کو یہ باور نہیں کرایا کرتے کہ تم فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اور اسکے چند کور کمانڈر، اسکے سیاسی رفقا، مسلم لیگ ق کے شوکت عزیز، پرویز الٰہی شجاعت حسین ایم کیو ایم کے الطاف حسین، اکلوتی سیاسی جماعت کے اکلوتے رہنما شیخ رشید اور اتحادی سیاسی جماعتوں کے گروہ کرگساں اور ملکی آئین توڑنے والے ملکی غداروں، ملک دشمن دہشت گردوں اور نو سال تک مسلم امہ کے فرزندان کو مارشل لا کی گن پوائنٹ پر محکوم، قیدی، غلام، بے بس، مجبور بنانیوالے، مجرموں کو تحفظ دینے اور فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکے این آر او کے مجرموں کو ساتھ لیکر چلنے، انکو بچانے کیلئے آئے ہو

مسلم امہ کے تمام سیاسی ورکرز کا سوال ہے کہ طالبان، دہشت گرد کون ہیں!

نمبر ۱۰۔ تمہیں تو اس این آر او کے مجرمانہ قانون کے خلاف دھرنا دینا تھا۔ آپکو تو مخلوط تعلیم، مخلوط معاشرہ، مخلوط حکومت کے قرآن حکیم کے آئین، نظریات کے متصادم اسلامی تہذیب کو مغربی کلچر میں بدلنے کے قانون کے خلاف دھرنا دینا تھا۔ تمہیں تو ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے نام پر حکومتی ٹولہ انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی مستورات کی فوج شاہی، منصف شاہی افسر شاہی، کے طبقہ کے اخراجات کے اضافی بجٹ کو لوٹنے کے خلاف دھرنا دینا تھا۔ تمہیں تو معاشی معاشرتی، دینی قتال کرنے والوں کے خلاف دھرنا دینا تھا۔ تمہیں تو ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ، انکی نسلوں کے ستر فیصد کسانوں، انتیس فیصد مزدوروں، محنت کشوں ہنرمندوں اور عوام الناس کو انکی حکومتی گرفت سے نجات دلانے اور ملکی خزانہ، وسائل پر قبضہ کرنے کے خلاف دھرنا دینا تھا۔ تمہیں تو طبقاتی تعلیم کے خلاف دھرنا دینا تھا۔ تمہیں تو جاگیردار، سرمایادار حکومتی ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی ملکی وسائل، مال و دولت، ذرائع آمدن، تجارت، ملکی خزانہ پر انکی حکومتی اجارہ داری کو ختم کرنے کے خلاف دھرنا دینا تھا، تمہیں تو ایک فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اسکے دو تین کور کمانڈر، اسکے فوجی سیاسی مارشل لا کے حکومتی ٹولہ کے وزیر اعظم شوکت عزیز مسلم لیگ ق کے چوہدری برادران، پرویز الٰہی، شجاعت حسین، ایم کیو ایم کے الطاف حسین، اکلوتی جماعت کے اکلوتے رہنما شیخ رشید اور انکے اتحادی حکومتی ٹولہ، ملکی آئین توڑنے والے ملکی غدار، ملک دشمن، ۹ سال تک ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کو قیدی، غلام اور یرغمال بنانے اور پاکستان کو کیوبا کی بدترین جیل میں قید رکھنے کے مجرموں کو چھڑانے اور انکو تحفظ دینے کی خاطر ملک کے اقتدار کے حصول کیلئے آئے ہو۔ ایسا عمل، ایسا کردار جو تم ادا کر رہے ہو وہ ایک دیدہ ور، صاحب بصیرت سیاسی لیڈر کے شان کے شایاں نہیں اور اہل اسلام کا وطیرہ نہیں۔ بتاؤ تم کون ہو۔!

نمبر ۱۱۔ مجرمانہ خواہشات کو نیکی کا لباس پہنانا، اپنے آپ اور عوام کو دھوکہ دینا، چندوں، خیرات، ذکات، صدقات کے ذریعے اکٹھی کی ہوئی دولت سے ایک کینسر کا ہسپتال تعمیر کرنا، خود اور اپنے لواحقین اور پسندیدہ احباب کو لاکھوں میں تنخواہیں، لاکھوں کی انمول گاڑیاں اور لاکھوں کا پٹرول ڈیزل گیس کے زر مبادلہ کا دھواں بنانا جائز نہیں۔ کیا مسٹر عمران خان صاحب تم نے اپنے کینسر کے ادارے میں اپنے انتظامیہ کے ارکان کے لئے عدل و انصاف، اعتدال و مساوات کا اسلامی نظام قائم کیا ہے۔ کیا تم نے انصاف پارٹی کے نام کے تقدس کو قائم رکھا ہے۔ جسکا ذکر اپنی تقریروں میں کرتے آ رہے ہو۔



باباجی عنایت اللہ

جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!



مسلم امہ کے تمام سیاسی ورکرز کا سوال ہے کہ طالبان، دہشت گرد کون ہیں!

کیا آپ نہیں جانتے کہ دیہاتوں میں بسنے والے ستر فیصد کسان اور انتیس فیصد مزدور، محنت کش، ہنرمند اور عوام الناس کے پاس تو اپنے گاؤں سے شہر تک آنے جانے کے اخراجات ہی نہیں ہوتے۔ وہ لاہور اور پھر لاہور سے آپکے ہسپتال تک کیسے پہنچ سکتے ہیں۔ کینسر کا ہسپتال آپ نے تو ملک میں معاشی اور سیاسی ساخت کو مضبوط کرنے، شہرت حاصل کرنے، اپنے کرکٹ کے کھیل کی قیمت اپنے شائقین سے وصول کرنے، چندے، ذکات، عطیات، خیرات وصدقات کے حصول کے ذریعے، معاشی برتری اور حکومتی ایوانوں تک رسائی حاصل کرنے کی خاطر یہ ادارہ قائم کر رکھا ہے۔ غریب ومسکین، تنگ دست وبیروزگار عوام الناس کیلئے مفت علاج معالجہ کے نام پر انسانی بہبود کا کینسر کا ہسپتال دراصل یہ امرا، شرفا اور سیاست کے شائقین جیسے کینسر کے مریضوں کا پیر خانہ کھول رکھا ہے۔ لوہا، لوہے کو ہی کاٹتا ہے۔ حکومتی ٹولہ کے رہزن اور لٹیرے، ملکی خزانہ پر ڈاکہ ڈالنے والے ٹولہ کو صرف چندوں خیرات، عطیات، ذکات، صدقات سے مال وزر لوٹنے والا بدتر رہزن ہی انکومات دے سکتا ہے۔ مردے کا گوشت ہضم ہوسکتا ہے صدقات کا پیسہ ہضم نہیں ہوسکتا۔ جا خدا تجھے راہ ہدایت کی منزل کا مسافر بنائے۔ آمین

نمبر۱۲۔ پیارے عزیز عمران خان صاحب، صدقات کا ایک نوالہ خود یا اپنے لواحقین کو کھلانے والا، بنی گالا ہاؤس بنانے والا، انمول گاڑیوں سے لطف اندوز ہونے والا معاشی دہشت گرد روح کے معاشی کینسر کا مریض بن جاتا ہے مخلوط تعلیمی نظام، مخلوط معاشرہ، مخلوط حکومت فحاشی، بے حیائی بدکاری، زناکاری کا مغربی کلچر تیار کرتا ہے۔ ظلم اور جرم سے حاصل کی ہوئی مادی خوشحالی، مادی ترقی ہی الہامی نظام حیات کا کینسر ہے۔ ابھی تک آپ نے بارگاہ الٰہی میں ان جرائم کی نہ معافی کی دستک دی اور نہ ہی ان اعمال کو ترک کیا ہے، نہ ہی تم نے وزیراعظم اور دوسری نفسانی خواہشات کے حصول کو ترک کیا ہے۔ تم کیسے مسلم امہ کی رہنمائی کی صدا بلند کر سکتے ہو۔ جھوٹے اور عدل کش رہنما!۔ ذلیل خوار ہو کر رہ جاتے ہیں۔ ٹی وی اینکرز تجزیہ نگار، اخبار نویس، کالم نویس، ذرائع ابلاغ کے تمام مبلغ، تمام اسمبلیوں کے مبلغ، تمام سیاسی جماعتوں کے ورکر اپنا قبلہ درست کریں۔ دین دشمن، ملک دشمن، ملکی غدار ٹولہ کے خلاف قانونی کاروائی کیلئے لائحہ عمل تیار کریں، حالات کی روشنی میں اسلامی جمہوریت کا نظام مملکت قائم کریں۔ صدر مملکت، اور ایک کسان مزدور، محنت کش، ہنرمند، معلم کی ایک جیسی ضروریات حیات کا نظام مملکت قائم کرنے کی جستجو جاری کریں۔ اعتدال ومساوات کا راستہ اختیار کریں۔ طبقاتی معاشی معاشرتی استحصالی نظام حیات کو ترک کرنے کا عمل جاری کریں۔ ظالم، غاصب دہشت گردوں کا خاتمہ کریں۔ خدا آپکا حامی وناصر ہو۔ آمین۔ ثم آمین



بابا جی عنایت اللہ



جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

مسلم امہ کے تمام سیاسی ورکرز کا سوال ہے کہ طالبان، دہشت گرد کون ہیں!

۱۲ ۱۱ الف۔ کیا پاکستان چار فوجی ڈکٹیٹرز انکے چند کور کمانڈرز اور انکے چھ سات ہزار جاگیردار سرمایادار ٹولہ کے ۴۹ فیصد مردوں ۵۱ فیصد انکی مستورات کے ۱۸۔۲۰ سو ایم پی اے، ایم این اے سینیٹرز چار صوبائی حکومتوں کے مشیروں وزیروں چار اسمبلیوں چار سپیکروں چار وزرائے اعلیٰ چار گورنرز یا ایک وفاقی حکومت کے ایم این اے سینیٹرز کے ممبران پر مشتمل مشیروں، وزیروں، سفیروں سپیکر، وزیراعظم، صدر مملکت کا ملک ہے یا انکی اولادوں پر مشتمل ۱۸۔۲۰ ہزار افسر شاہی کے ڈپٹی کمشنر کمشنر ایس پی، آئی جی یا سول کورٹ کے سیشن جج، ہائی کورٹ کے جسٹس اور چیف جسٹس، سپریم کورٹ کے جسٹس اور چیف جسٹس آف سپریم کورٹ یا فوج کے چند کور کمانڈرز اور مارشل لا کے چار فوجی ڈکٹیٹرز کا غیر آئینی غیر اسلامی، غیر اخلاقی، مارشل لا کا فوجی سیاسی مجرم حکومتی ٹولہ، انکے مراعات یافتہ افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کے شاہی طبقہ کے دہشت گردوں کیلئے یہ ملک بنایا گیا تھا۔ ملک دولخت کرنے اور ۹۴ ہزار فوجی سپاہ کو ہندوستان کا قیدی بنانے، فوج کی عزت و حرمت کو روندنے، ون یونٹ کو توڑنے، چار صوبائی حکومتیں بنانے، چار وزیر اعلیٰ چار گورنرز ہاؤس چار سپیکرز ہاؤس، چار اسمبلی ہالز، چار کینونیشن ہالز جیسے تاریخی عجوبے، شاہی اخراجات کے ذریعے تعمیر کرنے، ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے نام پر اپنے ٹولہ کی مستورات کو ایم پی اے، ایم این اے، سینیٹرز کے حکومتی ایوان مہیا کرنے، انکے شاہی اخراجات کے بجٹ کا بوجھ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ، انکی نسلوں پر ڈالنے، شمشی ایئر بیس امریکہ، اسکے اتحادی ممالک کو مہیا کرنے والوں کا ملک ہے۔ کیا پاکستان چار فوجی ڈکٹیٹرز، انکے چھ سات ہزار جاگیردار، سرمایادار حکومتی ٹولہ انکی اولادوں پر مشتمل افسر شاہی منصف شاہی فوج شاہی کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ اور انکی باقیات کا ملک ہے۔ کیا پاکستان انگریز کے ایک مفتوحہ ملک کی عوام کو محکومی کی زنجیریں پہنانے والے مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کو جاری رکھنے، انگریز کی بجائے چار فوجی ڈکٹیٹرز، انکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ شاہی طبقہ کو انکے استحصالی نظام حکومت کو جاری رکھنے کیلئے پاکستان دو قومی نظریات کی روشنی میں حاصل کیا تھا یا ہمارے اکابرین علامہ محمد اقبالؒ اور قائداعظم محمد علی جناحؒ نے پاکستان قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات اسلامی دستور حیات، اسلامی نظام سلیکشن، اسلامی نظام مملکت پاکستان میں نافذ کرنے اور اللہ تعالیٰ کی حاکمیت قائم کرنے کیلئے یہ ارض پاک حاصل کی تھی۔



باباجی عنایت اللہ




جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، مجرموں کے کٹہرے میں کھڑا، علامہ طاہر القادری عمران خان، شیخ رشید، چوہدری برادران اسکو بچانے آن پہنچے ہیں

نمبر۱۔ پاکستان کے ملکی وسائل، ذرائع آمدن، تجارت، ملکی خزانہ، ملک کے شاہی حکومتی ایوانوں اور حکومتی اداروں پر مارشل لا کی گن پوائنٹ پر قبضہ کرنے والا، ملکی آئین توڑنے والا، مارشل لا کا مجرم فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اسکے دو تین کور کمانڈر اسکا ملک لوٹنے والا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، ملکی غیر ملکی قرضوں ملک کے وسائل، خزانہ، دولت، لوٹنے والے تمام مجرموں کے ملک، بیرون ممالک میں پھیلے ہوئے سرے محلوں، رائے ونڈ ہاؤسوں، ملوں، فیکٹریوں کارخانوں، تجارتی اداروں کی ملکیتوں، ملکی غیر ملکی قرضوں، آئی ایم ایف کے تمام قرضوں، اقتدار کی نوک پر رشوت، کمیشن، کرپشن سے اکٹھا کیا ہوا، ۲۵۰ ارب ڈالروں کو اپنے اپنے بنکوں میں منتقل کروانے، این آر او کا مجرمانہ قانون بنانے، اوران تمام معاشی، معاشرتی، دینی جرائم، تمام قتال کے کیس ۱۹۴۷ سے لیکر این آر او کا مجرمانہ قانون نافذ العمل ہونے تک کے تمام حکومتی ٹولہ کے مجرموں کے جرائم کے کیسوں کی اجتماعی معافی اور نئے جرائم کا جنم ایک ناقابل معافی جرم اور ایک ناقابل برداشت ڈاکہ ہے۔ مارشل لا کی گن پوائنٹ پر نافذ کرنے والے مجرموں اور انکی باقیات کا ان جرائم کو جاری رکھنا ملک وملت کی بد نصیبی کی انتہا اور نو لاکھ فوجی سپاہ کی عظمت وحرمت اور شہرت کو روندتے جا رہے ہیں۔ افواج پاکستان کو سوچنا ہوگا۔!

نمبر۲۔ فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف کی حکومت کے بعد این آر او اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں جیسے قوانین اور ملک دشمن پالیسیوں اور پاکستان کا ۵۱ فیصد حقوق نسواں کا ایک تاریخی ڈاکہ کو جاری رکھنا ایک گھناؤنا جرم ہے۔ جسکے ذریعے ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ انکی نسلوں کی معاشی معاشرتی دینی دولت کو لوٹنے کا لامتناہی سلسلہ جاری ہے۔ شمالی علاقہ جات کے عوام کو طالبان، دہشت گرد کا نام دے کر انکا قتال بند کرنا اور ان پر ڈرون حملوں کو ختم کرنا اسکی باقیات کا فرض تھا۔ فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف تو ملک چھوڑ کر چلا گیا۔ اسکے دو تین کور کمانڈرز مسلم لیگ ق کے پرویز الٰہی شجاعت حسین،، ایم کیو ایم کے الطاف حسین، شیخ رشید، دوسرے اتحادی حکومتی ٹولہ کے مجرموں کی باقیات پر مشتمل تمام مجرموں نے ملک کی حکومت کا چارج سنبھال لیا ہے تمام این آر او کے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے دہشت گرد ۵۱ فیصد حقوق نسواں جیسے استحصالی قوانین مخلوط تعلیم مخلوط معاشرہ مخلوط حکومت جیسے فحاشی بے حیائی زناکاری پھیلانے والے غیر قرآنی باطل قوانین اسی طرح جاری ہیں۔





فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، مجرموں کے کٹہرے میں کھڑا، علامہ طاہر القادری عمران خان، شیخ رشید، چوہدری برادران اسکو بچانے آن پہنچے ہیں

اسلامی تہذیب کو مغربی کلچر کے نظام حیات میں بدلنے کا مجرمانہ ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے شاہی اخراجات کا شاہی بجٹ پاکستان کے عوامی خزانہ وسائل مال ودولت ذرائع آمدن تجارت پر قبضہ، علاوہ ازیں رشوت کمیشن کرپشن کے نسوانی ڈاکے بتدریج بڑھتے جا رہے ہیں۔ ۵۱ فیصد حکومتی ٹولہ کی مستورات جو ایم پی اے، ایم این اے۔ سینٹر، مشیر، وزیر، وزیر اعلیٰ، گورنر، سفیر، سپیکر وزیر اعظم، صدر مملکت جیسے حکومتی ایوانوں پر بتدریج مسلط ہوتی آ رہی ہیں۔ اسطرح حکومتی ٹولہ کی ۵۱ فیصد مستورات کے مراعات یافتہ طبقہ کی فوج شاہی منصف شاہی افسر شاہی کی شاہی افواج پاکستان کی انتظامیہ، عدلیہ اور افواج پاکستان میں کینسر کی طرح پھیلتی جا رہی ہیں۔ ملک کے ۱۸۔۲۰ کروڑ مظلوم و مجبور عوام کو جمہوریت کے باطل غاصب استحصالی نظام حکومت کے قیدی، غلام، محکوم عوام کو انکی شاہی تنخواہوں، شاہی ایوانوں، شاہی رہائشوں، قیمتی گاڑیوں، پٹرول، پروٹوکول سٹاف بیشمار دوسرے شاہی اخراجات کو برداشت کرنے کا پابند بناتے آ رہے ہیں۔ انکے اضافی شاہی اخراجات کو مہیا کرنے کیلیے ۱۸۔۲۰ کروڑ عوام پر ٹیکسوں، بجلی گیس پانی کے بلوں اور مہنگائی کے اضافہ سے انکو خودکشیوں کا ایندھن بنائے جا رہے ہیں۔ انکی یہ تمام جرائم محب وطن نو لاکھ معصوم فوجی سپاہ کی تاریخ کا عنوان بنتے جا رہے ہیں۔

نمبر۱۔ انگریز نے ہندوستان کو ۱۸۵۷ میں فتح کیا اور ہندوستان کی عوام کو قیدی، غلام، محکوم بنا لیا۔ اتنے وسیع و عریض ملک پر اپنی حکومت قائم رکھنے کیلئے اس نے ایک ایسا مغربی جمہوریت کا نظام حکومت رائج کیا جس سے محکوم عوام نہ آزادی حاصل کر سکیں، نہ بغاوت کر سکیں، نہ اپنی دن رات کی محنت سے کمائے ہوئے مال و دولت، وسائل، پیداوار، مصنوعات اور ملکی خزانہ کو اپنے استعمال میں لا سکیں۔ انہوں نے عوام کو قیدی، غلام اور محکوم بنانے کیلئے مغربی جمہوریت کا نظام حکومت مسلط کر دیا۔ ایسے قوانین، ضوابط، ایسا نظام و سسٹم اور ایسا طریقہ کار بالترتیب نافذ العمل کرتے رہے جس سے انکی معاشی، معاشرتی گرفت عوام الناس پر بتدریج مضبوط سے مضبوط ہوتی گئی۔ انگریز نے اپنی اجارہ داری قائم رکھنے کیلئے ہندوستان کی عوام سے اپنے پسندیدہ، قابل اعتماد، ملکی غدار افراد کو جاگیریں اور وظائف مہیا کر کے انکی وفاداریاں خرید لیں۔ ان ملک دشمن، ملکی غدار جاگیردار، سرمایادار ٹولہ کو اپنے حکومتی ایوانوں اور انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ شاہی طبقہ کو فوج شاہی، افسر شاہی، منصف شاہی کے حکومتی اداروں کا حصہ بنا لیا۔ ہندوستان کو ایک جیل اور کروڑوں عوام کو قیدی بنا لیا۔ انگریز ہندوستان کو ایک سونے کی چڑیا سے تشبیح دیتے۔ ہندوستان کے تمام قدرتی وسائل، سونا چاندی، تانبا، لوہا، قیمتی پتھر، ذرائع آمدن ہر قسم کی مصنوعات، مال و دولت، تجارت اور ٹیکس کلچر کے ذریعے اکٹھا کیا ہوا ملکی خزانہ پر اپنا غاصبانہ قبضہ بحال رکھتے۔ ہندوستان کے کروڑوں عوام کو ان وسائل اور ملکی خزاانہ سے محروم کر دیتے۔ وہ یہ تمام مال و متاع برطانیہ لے جاتے۔ اسی مال و دولت سے انگریزوں نے برطانیہ کو دنیا بھر میں جدید تعلیم، مادی سائنسی ترقی، مادی خوشحالی کو ایک بین الاقوامی شہرت کا مرکز بنا دیا۔

نمبر۲۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم اور انکی الہامی، روحانی کتاب انجیل مقدس کی الہامی تعلیمات، اسوہ حسنہ، حسن خلق، ادب انسانیت اور خدمت انسانیت، امن و آشتی کی اقدار جو دلوں میں خوشبو بن کر اترتی انکی حکومتی سرفرازی ختم کر کے ملک کا نظم و نسق مادہ پرست فلاسفرز ارسطو، کارلائل، نجمن، ڈارون، فرانسس بیکن، ابراہیم لنکن کے مادہ پرستی کے نظریات جو خدائی کو مانتے اور خدا کو نہ مانتے، جو فطرت کو مانتے اور فاطر کو نہ مانتے، جو مخلوق کو مانتے خالق کو نہ مانتے، پیغمبر خدا کی تعلیمات اور نظام حیات کو ترک کر کے مادہ پرست فلاسفرز کے انسانی تخلیق کردہ مذہب کے متضاد مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب قوانین و ضوابط، نظام و سسٹم کی سرکاری سرفرازی اہل وطن پر نافذ العمل کرتے آ رہے ہیں۔

کیا اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت سے محروم نہیں!

اہل وطن ایمان تو پیغمبر خدا، انکی الہامی کتاب انجیل مقدس، مسلمان قرآن حکیم اسکے آئین، نظریات اسکی تعلیمات پر رکھتے اور اطاعت انسانوں کے تخلیق کردہ نان کرسچن جمہوریت کے غیر اسلامی غیر قرآنی، غیر آئینی نظریات قوانین ضوابط اور نظام وسسٹم کی کرتے ہیں۔اس نظام حکومت کی اطاعت کرنے کے بعد انکا مذہب کے ساتھ کیا تعلق رہ جاتا ہے۔

نمبر۳۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی الہامی کتاب زبور شریف، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی الہامی کتاب توریت شریف اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی الہامی کتاب انجیل مقدس، حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی الہامی کتاب قرآن حکیم کے نظریات تعلیمات، اسوہ حسنہ، حسن خلق، ازدواجی زندگی، خانگی زندگی اور چادر اور چار دیواری کے نظام حیات کے متضاد، نان کرسچن مغربی جمہوریت کے مذہب کش مادر پدر آزاد مخلوط تعلیم مخلوط معاشرہ، مخلوط حکومت کی اطاعت کرتے ہیں۔الہامی رشتوں ماں باپ، بیٹا بیٹی، علاوہ ازیں تمام مذہبی رشتوں اور انکی الہامی محبت کی روحانی دولت، انکے تقدس، حرمت کو سرکاری طور پر ختم کرنا، مذہب پرست امتوں کا ایک بہت بڑا المیہ ہے۔پیغمبران کے نظریات، تعلیمات کی بجائے مادہ پرست فلاسفر کے نظریات، تعلیمات پر مشتمل مغربی جمہوریت کے اسمبلی ممبران کا تخلیق کردہ نظام حکومت، اسکے قوانین وضوابط، اسکا نظام وسسٹم ایک ایسا زہر ہے جو کھانے والے کو پتہ نہیں چلتا کہ وہ زہر تواتر کے ساتھ کھائے جا رہا ہے۔لیکن زہر اپنا اثر وتاثیر کسی کی لاعلمی کو خاطر میں نہیں لاتا اور اپنا عمل جاری رکھتا ہے۔تمام مذاہب پرست امتوں کے افراد، پیغمبران خدا کی الہامی کتب کے نظریات، تعلیمات، ازدواجی نظام حیات، اعتدال ومساوات، عدل وانصاف سے محروم کر کے مادہ پرست فلاسفرز کے مذہب کش نظریات، تعلیمات۔مادر پدر آزاد، جنسی آزادی، مادی وسائل، ملکی خزانہ پر ایک قلیل سا حکومتی ٹولہ قبضہ کر لیتا ہے۔نان کرسچن مغربی جمہوریت کے اسمبلی ممبران ایسے قوانین وضوابط تخلیق اور مسلط کرتے، عوام الناس کو معاشی، معاشرتی اور مذہبی طور پر مفلوج، غلام، قیدی، محکوم بناتے، باطل، غاصب، استحصالی نظام حیات کے کلچر کے کفر میں کنورٹ کیئے جا رہے ہیں۔کیا مادہ پرست فلاسفرز پیغمبران خدا کا نعم البدل ہیں۔ہرگز نہیں!

نمبر۴۔ پیغمبران کی امتوں کے پاس داؤدی، یہودی، عیسائی اور مسلمان کے نام رہ گئے ہیں۔لیکن در اصل وہ نان کرسچن مغربی جمہوریت کے مادہ پرست فلاسفرز کے چھ سات ہزار حکومتی ٹولہ کے اسمبلی ممبران کے تخلیق کردہ، مذہب کش مادہ پرستی کے مادر پدر آزاد مخلوط تعلیم مخلوط معاشرہ،



بابا جی عنایت اللہ

جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!



کیا اسلامی جمہوریہء پاکستان، اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت سے محروم نہیں!

مخلوط حکومت کے نظام حیات، مادی طاقت، جنسی آزادی کی برتری کے مجرمانہ کلچر کے ذریعے پیغمبران کی امتوں کو جہنم کا ایندھن بناتے جا رہے ہیں۔تمام اہل کتاب پیغمبران کی امتوں کے فرزندان، انکے مذہبی پیشواؤں اور خاص کر پاکستان جو اسلامی نظریات کی بنیاد پر معرض وجود میں لایا گیا، اسکے تمام سیاستدانوں، سیاسی جماعتوں کے علما کرام اور خاص کر علامہ طاہر القادری جیسے جید علما اور تمام سیاسی جماعتوں کے علما صاحبان سے ملتجی ہوں کہ وہ حقائق کی روشنی میں اہل اسلام، اور بین الاقوامی سطح پر تمام مذاہب پرست امتوں کے مذہبی پیشوا اپنے اپنے پیغمبران کے پیروکاروں کی الہامی کتب کی تعلیمات کی روشنی میں رہنمائی فرماویں۔اس جہان فانی سے رخصت ہونے سے قبل اپنی سوچ، شعور اور خداداد صلاحیتوں کو نان کرسچن مغربی جمہوریت کے اسمبلی ممبران کے تخلیق کردہ باطل، غاصب، نظریات جو مخلوق کو مانتے ہیں اور خالق کے منکر ہیں۔جو مادی قوت کی طاقت کے حصول کیلئے معاشی معاشرتی، انسانی قتال کو جائز اور ضروری جز اور دنیا پر حکمرانی کا ذریعہ سمجھتے ہیں ان سے نجات حاصل کرنا مذہب پرست امتوں کا فرض ہے۔

نمبر۵۔ پیغمبران خدا کے نظریات، انکی تعلیمات، نظام حیات، ازدواجی زندگی کے طریقہ کار اور مذہبی تہذیب کو حکومتی سطح پر بحال کرنا، انکے مادہ پرستی کے استحصالی نظام حکومت کے کفر کے کلچر کو روکنا اور ختم کرنا ازحد ضروری ہے۔پاکستان میں نان کرسچن جمہوریت کا حکومتی ٹولہ، انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی اور انکے استحصالی نظام حکومت کو ختم کرنا اور قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات، نظام حیات اور اسلامی جمہوریت، اسکے نظام مملکت کی سرکاری بالادستی نافذ العمل کرنا اہل وطن مسلم امہ اور انکی نسلوں کی بنیادی ضرورت ہے۔نان کرسچن جمہوریت کے باطل، غاصب نظام حکومت اور مادی، مذہبی استحصالی نظام حیات کو ختم کرنا، پیغمبران خدا کے نظریات، تعلیمات کو بروئے کار لانا دور حاضر کی ضرورت ہے۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دیں اور ہم پر رحم فرماویں۔آمین

نمبر۶۔ ۱۸۵۷ کو جب انگریزوں نے ہندوستان کو فتح کر لیا۔اس وقت ہندوستان پر مسلمانوں کی حکومت تھی۔سب سے پہلے انگریز نے ہندوستان کی حکومتی زبان فارسی اور عربی کی سرکاری حثیت کو ختم کیا۔انکا سرکاری بجٹ بند کر دیا گیا۔عطیات، خیرات، ذکات، صدقات اور خوشحال لوگوں کے عطیات جو تعلیمی اداروں کے لئے وقف تھے وہ ضبط کر لئے گئے۔ہندوستان میں جاگیردار، سرمایادار ٹولہ، انکی اولادوں کیلئے انگلش میڈیم تعلیمی ادارے قائم کئے۔





کیا اسلامی جمہوریہء پاکستان، اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت سے محروم نہیں!

انگریزی کو ہندوستان کی سرکاری زبان قرار دیا۔ ہندوستان میں انگریزی زبان کو پڑھنے، لکھنے، سمجھنے کیلئے انگلش میڈیم تعلیمی اداروں کا جال بچھا دیا۔ ان تعلیمی اداروں کے شاہی اخراجات صرف جاگیردار، سرمایادار حکومتی ٹولہ، انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی کے سکالر ہی ادا کر سکتے تھے۔ انگریز نے ہندوستان کی حکومت چلانے کیلئے حکومتی ٹولہ، انکی اولادوں پر مشتمل فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی کا مراعات یافتہ شاہی طبقہ کے حکومتی سکالر تعلیمی اداروں سے تیار کیئے اور انکے ذریعے کار سرکار چلاتے رہے۔ عوام الناس کیلئے یہ اعلیٰ شاہی اخراجات والے تعلیمی ادارے شجر ممنوع بنا دیئے گئے۔ جس کی وجہ سے تعلیمی اداروں، حکومتی اداروں اور حکومتی ایوانوں پر جاگیردار سرمایادار ٹولہ کی اجارہ داری مسلط ہوتی گئی، جو آج تک جاری ہے۔ ۱۸۵۷ سے لیکر ۱۹۴۷ تک انگریز ہندوستان پر قابض رہا۔ انگریز کے پروردہ ملک دشمن ملکی غدار جاگیردار، سرمایادار حکومتی ٹولہ، انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی انگریزی زبان انگلش میڈیم تعلیمی اداروں اور ہندوستان کی حکومت، حکومتی ایوانوں، حکومتی اداروں پر انکی اجارہ داری قائم ہوتی چلی آ رہی ہے۔

نمبر ۷۔ انگریز ۱۹۴۷ کو ہندوستان کو آزاد کر کے برطانیہ واپس چلا گیا۔ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ کو پاکستان دو قومی نظریات کی روشنی میں معرض وجود میں آیا۔ انگریز رخصت ہوتے وقت ملک کی رائج الوقت نان کرسچن جمہوریت، اسکا نظام حکومت اور اسکا چارج اپنے پالتو، وفادار ملکی غدار جاگیردار، سرمایادار حکومتی ٹولہ، انکی اولادوں پر مشتمل فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی افواج کے سپرد کر گیا۔ انگریز کا مشرقی پاکستان، مغربی پاکستان پر مسلط کیا ہوا نان کرسچن مغربی جمہوریت، اسکا نظام حکومت، اسکے کروڑوں مسلم امہ، انکی نسلوں کے قیدی، غلام اور محکوم عوام انکی سپرداری میں دے گیا۔ پاکستان سے صرف انگریز رخصت ہوا۔ اسکا طبقاتی نظام حکومت، انگریزی زبان، اسکے انگلش میڈیم طبقاتی تعلیمی ادارے، طبقاتی تعلیمی نصاب، ان سے تیار ہونے والا حکومتی ٹولہ اور انکا مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی فوج شاہی منصف شاہی، افسر شاہی کے کار سرکار چلانے کیلئے سرکاری سکالر آج تک تیار ہوتے آ رہے ہیں۔ ہندوازم کا طبقاتی نظام حکومت طبقاتی معاشرہ، طبقہ وائز افسر و ماتحت، آقا و غلام، براہمن و شودر یعنی کلاس ون، ٹو، تھری فور براہمن، کھتری، کھشتری، شودر کا ہندوازم کا طبقاتی معاشرہ، طبقاتی نظام تعلیم، طبقاتی معاشی، معاشرتی دین کش تقسیم کا باطل نظام آج بھی جاری ہے۔





کیا اسلامی جمہوریہء پاکستان، اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت سے محروم نہیں!

تھانہ، کچہری کا عدل کش ظلم و جبر کا باطل نظام حکومت جوں کا توں قائم ہے جو انگریز نے ایک مفتوحہ ملک کی عوام کو غلام، قیدی محکوم بنانے کیلئے مسلط کر رکھا تھا۔ملک کے وسائل مال و دولت ذرائع آمدن، تجارت، ملکی خزانہ پر پہلے انگریز قابض تھا، آج ملکی غدار انگریز کا پروردہ حکومتی ٹولہ، انکا مراعات یافتہ شاہی طبقہ ملک پر قابض ہے۔پہلے مغربی جمہوریت کا مجرمانہ نظام حکومت انگریز کے ہاتھ میں تھا، لیکن اب ملک کا مغربی جمہوریت کا نظام حکومت، اسکا حکومتی نظم ونسق شاہی ایوان، شاہی ادارے انگریز کے پروردہ جاگیردار، سرمایادار حکومتی ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی وراثت ہیں۔حکومتی ٹولہ کی مغربی جمہوریت، اسکے الیکشن، اسکے ممبران، اسکی اسمبلیوں، اسکی حکومت اسکے شاہی ایوانوں پر انکی اور حکومتی سرکاری اداروں پر انکی اولادوں پر مشتمل فوج شاہی منصف شاہی، افسر شاہی کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی اجارہ داری قائم ہے۔فرق صرف اتنا پڑا ہے کہ انگریز کی بجائے، انگریز سے بدتر اسکے پروردہ ملکی غدار، ملک دشمن، عوام دشمن حکومتی ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کا مراعات یافتہ شاہی طبقہ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں پر مسلط ہے۔

نمبر ۸۔ پاکستان کے ۱۸۔۲۰ کروڑ عوام مغربی جمہوریت کے نظام الیکشن کے ممبران کے ووٹر بنادیئے گئے ہیں۔حکومتی ٹولہ، مراعات یافتہ شاہی طبقہ، حکومتی ایوان، حکومتی سرکاری ادارے، ملکی وسائل، مال و دولت، ذرائع آمدن، تجارت، ملکی خزانہ ۱۸۔۲۰ کروڑ عوام سے مغربی جمہوریت کی گن پوائنٹ پر چھینتے جا رہے ہیں۔انگریز کے نافذ العمل مغربی جمہوریت کے نظام حکومت کے ذریعے ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ، انکی نسلوں کیلئے پاکستان ایک جیل اور عوام اسکے قیدی، غلام، محکوم بن چکے ہیں۔پاکستان لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ کے نام پر دوقومی نظریات کی بنا پر معرض وجود میں آیا تھا۔ہمارے بزرگ، اکابرین اور صاحب بصیرت رہنماؤں جناب علامہ محمد اقبالؒ اور جناب قائداعظم محمد علی جناحؒ نے انگریز اور ہندو قیادت سے الگ سرزمین پاکستان اس لئے حاصل کی تھی تا کہ مسلمان قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات کی روشنی میں اسلامی جمہوریت، اسلامی نظام سلیکشن، اسلامی نظام مملکت اور اسلامی دستور حیات کے نفاذ کو عمل میں لا کر دین محمدی ﷺ کے مطابق زندگی گذار سکیں گے۔جدید علوم کی روشنی میں ایک دینی تعلیمی نصاب، ایک معیار کے دینی تعلیمی ادارے اور ان سے اسلامی کردار و تشخص کی انفرادی اور اجتماعی نشو و نما کر کے اسلامی تہذیب و تمدن کو پروان چڑھائیں گے۔





کیا اسلامی جمہوریہء پاکستان، اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت سے محروم نہیں!

لیکن پاکستان کی مسلم امہ اور انکی نسلیں انگریز سے تو آزاد ہوگئیں، لیکن اہل وطن کے ساتھ المیہ یہ ہوا۔ انگریز اپنے پالتو، جنکی ہمدردیاں، ضمیریں جاگیریں اور دولت دے کر خریدکی تھیں اس جاگیردار سرمایادار ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کو پاکستان کی حکومت، حکومتی ادارے، مفتوحہ ملک کی عوام کو قیدی، غلام، محکوم بنانے والا ظلم وجبر اور قتال پر مشتمل استحصالی طبقاتی نظام حکومت سپرد کر گیا۔ مارشل لا کے چار فوجی ڈکٹیٹروں نے انگریز کا مسلط کیا ہوا مذہب کش مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی نظام حکومت پاکستان کی ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ انکی نسلوں پر سختی سے مسلط کر دیا۔ مارشل لا کا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، انکا مراعات یافتہ فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی کا شاہی طبقہ، انکی باقیات پاکستان کو ایک بدترین جیل، اور ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کو قیدی، غلام، محکوم بنا چکے ہیں۔ ایک فوجی ڈکٹیٹر نے پاکستان کو دولخت کیا، ون یونٹ کو توڑا۔ چار صوبائی ایک سینٹ کی مزید نئی اسمبلیاں مسلط کر دیں۔ دوسرے فوجی ڈکٹیٹر نے ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے نام پر اپنے ٹولہ اور طبقہ کی مستورات کا بجٹ نصف سے بھی زیادہ بڑھا دیا ملکی وسائل اور خزانہ لوٹ لیا۔ دو فوجی شرابی، زانی اور ناچے فوجی ڈکٹیٹرز، انکے چند سیاسی ہمجولیوں نے ملک لخت لخت کر دیا۔ انکی باقیات نے انکے استحصالی قوانین وضوابط اور انکی پالیسیوں کو جوں کا توں جاری رکھا۔

نمبر ۹۔ پاکستان کی نو لاکھ فوجی سپاہ، ملک کے اردو میڈیم اداروں کے کروڑوں طلبا، طالبات، ۱۸۔۲۰ کروڑ کسانوں مزدوروں محنت کشوں، ہنرمندوں کی اولادوں پر مشتمل دینی درسگاہوں کے کروڑہا طلبا طالبات اسی ملک کے باسی ہیں جو انگریزی زبان کے ایچی سن نما شاہی اخراجات والے کالجوں سے محروم، انکی تعلیمات سے محرومی انکی وجہء بیروزگاری، حکومتی ایوانوں اور حکومتی اداروں سے محرومی کا سبب بن چکا ہے۔ ملک کے مارشل لا کے چار فوجی ڈکٹیٹرز اور انکا انگریز کا پروردہ چھ سات ہزار جاگیردار سرمایادار فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے تمام سیاسی جماعتوں کے ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے سیاسی ورکروں کا ملک ہے جو ذرائع ابلاغ کے ٹی وی اینکرز اخبار نویس، قلم کار، کالم نگار، تجزیہ کاروں، سرکاری ذرائع ابلاغ کے مبلغوں سے سوال کرتے ہیں کہ وہ اہل وطن کو بتائیں کہ مارشل لا کے چار فوجی ڈکٹیٹرز اور انکا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور انکے اسمبلیوں کے ممبران انکی اولادوں پر مشتمل انگلش میڈیم شاہی اخراجات والے طبقاتی تعلیمی اداروں کے انگریزی زبان کے افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کے سکالرز اور انکی باقیات سے جب بھی اسلام کے نفاذ کی بات کرتے اور قومی زبان اردو کو رائج کرنے کی بات کرتے ہیں۔



بابا جی عنایت اللہ

جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!



کیا اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت سے محروم نہیں!

ملک دشمن پالیسیوں، طبقاتی تفاوتی معاشی معاشرتی تقسیم کو ختم کرنے اور شاہی تنخواہوں، شاہی مراعات کو ختم کرنے اور پاکستان میں اعتدال و مساوات، عدل و انصاف کی بات کرتے ہیں، انگریز کی مفتوحہ ملک کی عوام کو غلام، قیدی، محکوم بنانے اور انتظامیہ، عدلیہ، فوج کے ظلم و جبر اور معصوم عوام کے قتال کو ختم کرنے اور ملک کے وسائل، خزانہ پر انکی اجارہ داری کو ختم کرنے کی بات کرتے ہیں۔ پاکستان میں ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کو حکومتی ایوانوں، حکومتی اداروں، ملکی وسائل اور خزانہ سے محروم کرنے، ۱۸۔۲۰ کروڑ کسانوں کی پیداوار وسائل اور مزدوروں، محنت کشوں، ہنرمندوں کی مصنوعات چھیننے، انکو اضافی ٹیکسوں، بجلی، گیس، پانی وغیرہ کے بلوں میں اضافوں نئے سے نئے ٹیکسوں سے معاشی خون چوسنے، معاشی طور پر مفلوج بنانے، انکی غاصبانہ پالیسیوں اور استحصالی نظام حکومت کے خلاف احتجاج کرتے ہیں۔ انکی حکومتی رٹ کو تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ انکی بات سننے سمجھنے کی بجائے انکو طالبان دہشت گرد قرار دے کر انکا قتال جاری کر دیتے ہیں۔ جسکی وجہ سے ملک خانہ جنگی کی آگ میں جل رہا ہے۔ پاکستان پر چار فوجی ڈکٹیٹرز انکی باقیات، ملک کا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، انکی باقیات، اسکے علاوہ فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کی اولادوں پر مشتمل افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کا انگریزی زبان کے سکالروں کا مراعات یافتہ جلادوں کا شاہی طبقہ ملک کے ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کو قیدی، غلام، محکوم، بے بس، معذور بنا چکا ہے۔ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے کسانوں، مزدوروں، محنت کشوں، ہنرمندوں، عوام الناس کے پیدا کردہ وسائل، ذرائع آمدن، ملکی خزانہ ان سے مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کو مسلط کر کے ان سے چھین چکا ہے۔ اہل وطن مسلم امہ کو ایچی سن نما انگلش میڈیم طبقاتی تعلیمی اداروں کی باطل تعلیم، حکومتی ایوانوں، حکومتی اداروں، ملکی وسائل، ذرائع آمدن، خزانہ سے محروم کر چکا ہے۔ انکے ظلم و جبر، ملک دشمن پالیسیوں کے خلاف آواز اٹھانے، انکی حکومتی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کو طالبان اور دہشت گردوں کا نام دے کر انکا قتال جاری ہے۔ این آر او کے مجرموں کی وجہ سے ملک خانہ جنگی کی حالت میں ہے۔ حفاظتی حصار کے باوجود انکا قتال اور انکی اولادوں کو یرغمال بنایا جا رہا ہے۔ پولیس، رینجرز اور فوجی سپاہ حقائق کو جان چکے ہیں۔ ذرائع ابلاغ کب تک انکو بچا سکے گا۔ انکے گرد فطرت کا دائرہ تنگ ہوتا جا رہا ہے۔

کیا اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت سے محروم نہیں!

چار فوجی ڈکیٹٹرز انکی باقیات، انکا فوجی سیاسی حکومتی، انکا مراعات یافتہ شاہی طبقہ ملک کی عدلیہ اور انتظامیہ سے ماوراہیں۔ ملک کی انتظامیہ، عدلیہ سے ۱۸۔۲۰ کروڑ ملکی عوام کو جو انکے ظلم و جبر اور انکے وسائل، خزانہ لوٹتے، ان کی ملک دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاج کرتے اور انکی حکومتی رٹ تسلیم نہیں کرتے، وہ تو صرف انکا قتال کرتے اور فوجی ڈکیٹٹر، اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ اور انکی باقیات کی حفاظت کے فرائض ادا کرتے ہیں۔ یہ حکومت کے تین ادارے ہیں، جنکی بقا ایک دوسرے کے تعاون میں مضمر ہے۔ ان تینوں اداروں کے ارکان کے معاشی، معاشرتی، جسمانی تحفظات ایک ہیں۔




بابا جی عنایت اللہ

جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!



چار صوبائی حکومتوں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے غیر آئینی قوانین نامنظور

نمبر۱۔ جب چھ سات ہزار فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ انکی اولادوں پر مشتمل افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی کو بتایا جاتا ہے کہ وہ ۱۸۔۲۰ کروڑ اہل وطن مسلم امہ کے ملازم نوکر خادم ہیں۔ ملازمین کو ملازم بن کر رہنا چاہیۓ۔ انکو شاہی ایوانوں، شاہی محلوں اور شاہانہ زندگی گذارنا، دینی اور اخلاقی طور پر زیب نہیں دیتا۔ اہل وطن کی امانتوں، ملکی وسائل اور خزانہ کو اپنی ملکیت بنانا اور ۱۸۔۲۰ کروڑ مالکان کو ملکی وسائل خزانہ سے محروم کرنا، نسل درنسل اہل وطن کو ملازمتوں سے محروم، نان نفقہ سے محروم، بھوک ننگ، غربت تنگدستی اور بیروزگاری سے تنگ آکر خودکشیاں، خودسوزیاں کرنے پر مجبور کر دینا، اتنا ظلم، اتنا جبر ملازمین اور خادمین کیلئے مناسب نہیں۔ اسلامی دستور حیات کے مطابق ہم سب کو ایک کسان، مزدور، محنت کش ہنرمند کی کٹیا کے مطابق کٹیا اور انکی ضروریات حیات کے مطابق ملکی خزانہ کی امانت سے ضروریات حیات حاصل کرنا جائز و مناسب ہے۔ مارشل لا کا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، انکے افسر شاہی منصف شاہی فوج شاہی کی شاہی تنخواہیں، انمول شاہی ایوان، لاجواب شاہی محل بے شمار سرکاری مراعات، عیاشانہ نظام حیات اور ۱۶ لاکھ قیمتی سرکاری گاڑیوں، اربوں کے پٹرول کو دھواں بنانا ایک گناہ کبیرہ، ایک بدترین معاشی معاشرتی دینی استحصال اور جرم عظیم ہے۔ انکے علاوہ انکی سرکاری عہدوں کے مطابق رشوت، کمیشن، کرپشن اور سرکاری عہدوں کے ناجائز استعمال سے اکھٹی کی ہوئی دولت، انکی ذاتی ملیں، فیکٹریاں، کارخانے، اقتدار کی نوک پر ملکی غیر ملکی قرضے، آئی ایم ایف کے قرضوں کو اپنی ملکیت بنانا، ان سب کے اندرون بیرون ممالک اکھٹے کئے ہوئے کم وبیش تین سو ارب ڈالرز سے اپنے اپنے پاکستان کی تعمیر و تکمیل کرنا، انکی پھیلی ہوئی ملکی غیر ملکی ملکیتیں انکے جرائم، انکے معاشی معاشرتی قتال کی اذانیں دے رہے ہیں۔ اس مجرمانہ دستور حیات کو ترک کرنا ہر اہل وطن کی بنیادی ڈیمانڈ ہے۔ ہر سرکاری ملازم، ہر اہل وطن اور ہر کس و ناقص کیلئے پبلک ٹرانسپورٹ کو استعمال کرنا ضروری ہے۔ سرکاری قیمتی گاڑیوں کا کلچر ختم کرنا، ملکی زرمبادلہ کو بچانا ازحد ضروری ہے۔ ایم پی اے ایم این اے، سینیٹرز مشیروں، وزیروں، سفیروں وزیر اعلیٰ، گورنرز وزیر اعظم، صدر مملکت اور انکی باقیات جو غیر آئینی، غیر اسلامی، غیر اخلاقی طور پر مارشل لا کی گن پوائنٹ پر حکومتی ایوانوں حکومتی اداروں پر مسلط ہیں۔ انکی شاہی تنخواہوں، شاہی اخراجات کو بڑھانا اور اسکا عوام الناس پر مزید بوجھ ڈالنا ایک قبیح گناہ ہی نہیں ایک بدترین جرم بھی ہے۔ چار مارشل لا کے فوجی سیاسی غیر آئینی، غیر قانونی، غیر اسلامی، غیر اخلاقی ملکی غدار فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور انکی مجرم باقیات اور ان کے باطل، غاصب قوانین کو ختم کرنا ہوگا۔





چار صوبائی حکومتوں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے غیر آئینی قوانین نامنظور

ایک فوجی ڈکٹیٹر یحییٰ خان، اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے مسٹر بھٹو نے پاکستان کو دولخت کیا۔۹۴ ہزار فوجی سپاہ کو انڈیا کا قیدی بنایا، ون یونٹ کو توڑا۔ وفاقی اسمبلی کے علاوہ غیر آئینی مارشل لا کی گن پوائنٹ پر چار صوبائی ایک سینٹ کی مزید اسمبلیاں مسلط کر دیں۔۱۸۔۲۰ کروڑ اہل وطن کے وسائل اور خزانہ کو ایک رہزن، ایک ڈاکو کی طرح لوٹنے کا لامتناہی عمل جاری کر لیا۔ دوسرے فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ مسلم لیگ ق نے ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے نام پر اپنے ٹولہ، طبقہ کی ۵۱ فیصد مستورات کو حکومت میں شامل کر کے اہل وطن کا ۵۱ فیصد مستورات کا بجٹ مارشل لا کی نوک اور ملکی آئین کے خلاف ڈبل سے بھی زیادہ لوٹ لیا۔ ملکی وسائل اور خزانہ لوٹنے کا عمل ہر وقت، ہر روز اور لامتناہی عرصہ کیلئے جاری کر لیا۔ ایک فوجی شرابی زانی دوسرے ناچے فوجی ڈکٹیٹر، انکے چند ہجولیوں اور انکی باقیات نے ملک کو مارشل لا کی نوک پر ریڈ لائیٹ ایریا بنا دیا اور اپنی حکومتی رٹ کو فوجی سپاہ کے ذریعے نافذ کرنا شروع کر دیا فوج اور عوام کو اس غیر آئینی خانہ جنگی کی چتا میں دھکیل کر افواج پاکستان اور پاکستانی عوام کو رسوائے زمانہ کر دیا۔ جمہوریہ پاکستان میں قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات کی روشنی میں اسلامی جمہوریت اسلامی نظام مملکت، اسلامی نظام سلیکشن، اعتدال و مساوات، عدل و انصاف کے نفاذ کی بات کرنے والوں کو طالبان دہشت گرد ملک دشمن، ملکی غدار کا واویلا مچا کر انکا قتال کرنا شروع کر دیا۔ ذرائع ابلاغ کے مردوزن سرکاری مبلغوں اور مجرموں نے جھوٹ کو سچ، سچ کو جھوٹ بنا کر پاکستان میں تخریبی کاروائیاں جاری کروادیں۔ اپنی بدکرداری، بدنصیبی اور ملک دشمنی کا کردار ادا کرنا جاری کر دیا۔ اہل وطن کو طالبان اور دہشت گرد بنا کر رکھ دیا، مارشل لا کے ملکی غدار حکومتی ٹولہ کو تحفظ فراہم کرتے رہے۔ اس مجرم فوجی ڈکٹیٹرز نے فوج اور عوام کو خانہ جنگی کی چتا میں دھکیل دیا۔ پاکستان کو دہشت گرد ملک بنا کر رکھ دیا۔ انڈیا، اسرائیل، امریکہ کی انٹیلی جنس فوجی ایجنسیاں فوج اور عوام کا قتال کرواتی رہیں۔ اپنے مشن میں کامیاب ہوئیں۔ پاکستان میں فوج اور عوام کا آپس میں قتال جیسا قبیح گناہ اور بدترین جرم کو عام کر دیا، اسکی باقیات نے اسکو جاری رکھا۔

نمبر۲۔ ملکی آئین توڑنے والے فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکے چند کور کمانڈروں، اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے وزیر اعظم شوکت عزیز، مسلم لیگ ق کے پرویز الٰہی، شجاعت حسین، ایم کیو ایم کے الطاف حسین، اکلوتی جماعت کے اکلوتے قومی اسمبلی کے حکومتی ممبر شیخ رشید انکی اتحادی سیاسی جماعتوں کے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے نو سال تک بالجبر، بالتشدد، بالقتال اپنی غیر آئینی غیر اسلامی حکومتی رٹ کو مسلط رکھنے کیلئے مارشل لا کی گن پوائنٹ پر اہل وطن کا قتال کیا۔





چار صوبائی حکومتوں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے غیر آئینی قوانین نامنظور

شاہی ایوانوں، حکومتی اداروں، ملکی وسائل، خزانہ ۵۱ فیصد اپنی مستورات کی ملکیت اور عوام انکے قیدی غلام محکوم بنا دیئے۔ ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے نام پر مخلوط تعلیم مخلوط معاشرہ، مخلوط حکومت کا غیر آئینی، غیر اسلامی، غیر اخلاقی قانون قرآن حکیم کے نظریات کے خلاف پاکستان میں نافذ العمل کر دیا۔ علاوہ ازیں اپنی ہی مستورات کو حکومتی ایوانوں، سرکاری اداروں پر مسلط کر کے ملک لوٹنا اور اسلامی تہذیب کو کچلنا اور مارشل لا کی گن پوائنٹ پر حکومت کرنا شروع کر دیا۔ اس کی باقیات میں سے کسی نے بھی اس قانون کو ختم کرنے کی کوشش نہ کی۔ عوام اس حکومتی رٹ کے خلاف احتجاج کریں تو انکو طالبان، دہشت گرد کا نام دے کر انکا قتال جاری کر دیا جاتا ہے

نمبر ۳۔ فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے خلاف لال مسجد کے سات ہزار طلبا اور طالبات نے اس غیر آئینی، غیر اسلامی حکومتی رٹ کے خلاف آواز اٹھائی، احتجاج کیا۔ فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے انکو طالبان اور دہشت گرد کا نام دے کر لال مسجد کا محاصرہ کر لیا۔ کئی دن تک انکو پانی گیس خوراک سے محروم کر کے زندگی اور موت کی کشمکش کی اذیتوں میں مبتلا رکھا اور پھر فوج کشی کر کے بیشتر کو فارسفورس بموں سے جلا کر خاکستر کر دیا۔ اہل وطن اس قتال پر بیخ پا ہو گئے اور فوج کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے۔ اسطرح فوجی ڈکٹیٹر، اسکے سیاسی حکومتی ٹولہ نے ملک کو خانہ جنگی میں دھکیل دیا، جو آج تک جاری ہے۔ فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف تو جیل میں ہے اور اسکے چند کور کمانڈر اور سیاسی حکومتی ٹولہ اس کا وزیر اعظم شوکت عزیز مسلم لیگ ق کے پرویز الٰہی، شجاعت حسین، ایم کیو ایم کے الطاف حسین اور شیخ رشید ایک سازش کے تحت اپنے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کو ملکی غداری کے جرائم سے بچانے، عمران خان، اور علامہ طاہر القادری صاحبان کے ساتھ مل کر اس حکومت کو ختم کرنے اور فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف کو قید سے چھڑانے اور دوبارہ اقتدار حاصل کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔ اے آر وائی کا چینل ان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی بجائے انکی کھلے عام پشت پناہی کر رہا ہے۔ فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اور اسکے چند کور کمانڈر، انکا فوجی سیاسی غیر آئینی، غیر اسلامی حکومتی ٹولہ اور انکی باقیات پاکستان، کی نو لاکھ سپاہ کی رسوائی کا سبب بنتا جا رہا ہے۔ این آر او کے مجرموں پر مشتمل غیر آئینی، غیر اسلامی سینٹ، وفاقی اسمبلی، چار صوبائی اسمبلیوں کے ممبران آپنی بقا کیلئے انکی پشت پناہی اور انکا تحفظ کرتے آ رہے ہیں۔ کیونکہ انکی اپنی آفادیت اور بقا اس نظام میں مضمر ہے۔

چار صوبائی حکومتوں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے غیر آئینی قوانین نامنظور

نمبر۴۔ ایک بدنصیب فوجی ڈکٹیٹر یحییٰ خان اور اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے مسٹر بھٹو نے پاکستان کو دولخت کیا، ون یونٹ کو توڑا۔ وفاقی حکومت کے علاوہ جاگیردار سرمایادار ٹولہ پر مشتمل چار صوبائی ایک سینٹ کی مزید نئی اسمبلیاں مسلط کر دیں۔ دوسرے بدبخت فوجی ڈکٹیٹر نے ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے نام پر اپنے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور طبقہ کی مستورات کا بجٹ نصف سے بھی دو فیصد زیادہ بڑھا دیا ملکی وسائل اور خزانہ لوٹ لیا۔ ملک کو ریڈ لائٹ ایریا بنا دیا۔ دو فوجی شرابی، زانی اور ناچے فوجی ڈکٹیٹرز، انکے چند ہمجولیوں نے ملک لخت لخت کر دیا۔ پاکستان اور نو لاکھ فوجی سپاہ کی عزت و حرمت خاک میں ملا دی۔ فوجی ڈکٹیٹر یحییٰ خان اور مسٹر بھٹو کا ملک دولخت کرنے کا جرم، ملک کے جرائم کا اہم حصہ ہے۔ پاکستانی افواج کے فوجی ڈکٹیٹروں یحییٰ خان اسکے چند کور کمانڈرز، اسکا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے مسٹر بھٹو ملک کو دولخت کرنے، ۹۴ ہزار فوجی سپاہ کو ہندوستان کا قیدی بنانے، ملکی جاگیریں جاگیردار ٹولہ کی اولادوں میں تقسیم کرنے، ون یونٹ توڑنے، ملک کے تمام جاگیردار اور سرمایادار ملکی غدار ٹولہ کو چار صوبائی حکومتیں مہیا کرنے، انکی اولادوں کو چار صوبوں کے مراعات یافتہ حکومتی شاہی طبقہ کو حکومتی اداروں پر مسلط کرنے، ایک سینٹ کا شاہی ایوان انکے حوالے کرنے، انکے شاہی اخراجات ۱۸۔۲۰ کروڑ عوام کو مہیا کرنے کا پابند بنانا غیر آئینی، غیر اسلامی ایک معاشی ڈاکہ اور معاشرتی قتال ہے جو آج تک جاری ہے۔ جسکا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ آج بھی مجرم ہے۔

نمبر۵۔ دوسرے فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اسکے چند کور کمانڈرز، اسکا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ ملکی آئین توڑنے اور امریکہ کی شہہ پر نواز شریف کی الیکٹیڈ حکومت کو ختم کرنے کے مجرم، اپنی غیر آئینی، غیر اسلامی، غیر قانونی مارشل لا کی مجرمانہ حکومت کو بچانے اور امریکہ کے احسان کا بدلہ چکانے کی خاطر اس فوجی ڈکٹیٹر اور اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے امریکہ کو ملک کا شمسی ائیر بیس مہیا کر دیا۔ پاکستان کی فارن پالیسی کو امریکہ انڈیا، اسرائیل کے سپرد کر کے ملک کو تباہی کے دھانے پر کھڑا کر دیا۔ پاکستانی سرزمین کو امریکہ، انڈیا، اسرائیل اور انکے اتحادی ممالک اور انکی خفیہ فوجی ایجنسیوں کی چھاؤنی بنا دیا۔ افغانستان جیسے غیر ترقی یافتہ برادر ہمسائے مسلم ملک کے معصوم، بیگناہ چھ سات لاکھ عوام کا قتال کر دیا۔ اہل وطن شمالی علاقہ جات کے اسلام دوست عوام کو ذرائع ابلاغ کے ذریعے طالبان اور دہشت گرد قرار دیا۔ کم و بیش ۳۰۔۳۵ لاکھ عوام الناس کو طالبان اور دہشت گردوں کی وجہ بنا کر ہجرت کرنے پر مجبور کیا۔ اس طرح اسلام کے نفاذ کی بات کرنے اور اسکے مارشل لا کی حکومتی رٹ کے خلاف آواز اٹھانے والے عوام کا قتال جاری کر دیا۔



بابا جی عنایت اللہ



جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہوتو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

چار صوبائی حکومتوں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے غیر آئینی قوانین نامنظور

بلوچستان میں نواب بگٹی، اسکے قبیلہ کے لوگوں کا قتال کیا۔ ۱۴ ہزار سپاہ کو سیاہ چین کے گلیشر پر انڈیا کی ہوائی افواج سے قتال کروایا۔ نو سال تک ملک پر مارشل لا کی گن پوائنٹ پر مجرمانہ حکومت کرنے، ملک کو خانہ جنگی کی چتا میں دھکیلنے۔ عوام اور افواج کے درمیان نفرت پیدا کرنے، این آر او کا مجرمانہ قانون مسلط کرنے، ملک کے تمام فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کی ملوں فیکٹریوں کارخانوں، سرے محلوں رائے ونڈ ہاؤسوں بنی گالا ہاؤسوں ملکی، غیر ملکی قرضوں، آئی ایم ایف کے قرضوں، رشوت، کمیشن، کرپشن سے اکٹھی کی ہوئی دولت کو جائز قرار دینے۔ سوکس بنکوں کے کروڑوں ڈالروں، ہر قسم کے قتال اور جرائم کے کیسوں کو ختم کرنے۔ مارشل لا کا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور ملک کے معاشی، معاشرتی، دینی قتال کے ملک بدر حکومتی ٹولہ کے تمام مجرموں کو پاکستان میں اکٹھا کرنے۔ این آر او کا ایک مجرمانہ قانون باہمی مشاورت سے تیار کرنے۔ جسکے تحت ایک دوسرے کے تمام غیر آئینی، غیر اسلامی غیر قانونی، غیر اخلاقی طریقہ کار سے معاشی معاشرتی دینی اور فزیکل انسانوں کے قتال کے کیس معاف کرنے کے جرائم پاکستان میں ہی نہیں دنیاء عالم میں اس ظلم و جبر، عدل کش نظام حکومت کی چیخیں سنائی دے رہی ہیں۔ یہ کیسی مارشل لا کی غیر آئینی، غیر اسلامی، غیر قانونی، غیر اخلاقی حکومتی جیوری ہے جو ملک کے آئین اور اسکی عدلیہ سے ماورا ہے۔ مارشل لا کے فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکے غیر آئینی فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے وزیر اعظم شوکت عزیز، مسلم لیگ ق کے پرویز الٰہی شجاعت حسین، ایم کیو ایم کے الطاف حسین، عوامی مسلم لیگ کے شیخ رشید اور انکے اتحادی فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے تمام مجرموں نے مل کر مارشل لا کی گن پوائنٹ پر نو سال تک ملک کی حکومت کو غیر آئینی طور پر جائز قرار دے دیا۔ یہ کتنا بڑا المیہ ہے۔ پاکستان چار فوجی ڈکٹیٹرز، انکے غیر آئینی، غیر اسلامی، غیر اخلاقی فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ انکی باقیات کے مجرموں کی حکومتوں کو جائز قرار دے کر پاکستان کو غیر آئینی ریاست بنا دیا۔ اس قانون سے پاکستان مجرموں کی آماجگاہ بن چکا ہے۔ این آر او کے مجرموں کی تمام اسمبلیاں غیر قانونی، غیر اسلامی، غیر اخلاقی، غیر آئینی ہیں۔ آج بھی ملک پر مجرموں کی حکومت، تمام این آر او کے حکومتی مجرموں اور اپوزیشن حکومتی لٹیروں، رہزنوں ملک دشمن مجرموں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے جو پاکستان کو صفحہ ہستی سے مٹانے کا عمل جاری کر چکے ہیں۔ ملک کے تمام سیاسی جماعتوں کے ورکروں دینی درسگاہوں کے طلبا طالبات، سکولوں کالجوں کے طلبا، طالبات، ستر فیصد کسانوں، انتیس فیصد مزدوروں، محنت کشوں، ہنر مندوں کو ایک مرکز پر اکٹھے ہو کر سوچنا ہوگا کہ اس ظلم و جبر اور عدل کش فوجی سیاسی غیر آئینی، غیر اسلامی حکومتی ٹولہ کے رہزنوں لٹیروں سے ملک بچانے کا تدارک کیا ہے۔



بابا جی عنایت اللہ



جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

چار صوبائی حکومتوں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے غیر آئینی قوانین نامنظور

نمبر۶۔ قرآن حکیم کے آئین، نظریات، تعلیمات کے خلاف ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے نام پر مارشل لا کی گن پوائنٹ پر فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکے چند کور کمانڈروں، اسکے چھ سات ہزار جاگیردار سرمایادار فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کی مستورات کو ایم پی اے، ایم این اے، سینیٹرز، وزیر مشیر، وزیر اعلیٰ، گورنر، سپیکرز، سفیر، وزیر اعظم، صدر پاکستان کے حکومتی ایوان انکی ملکیت بنادیئے افسر شاہی منصف شاہی فوج شاہی کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی مستورات کو انتظامیہ، عدلیہ، افواج پاکستان کے حکومتی ادارے سپرد کر دیئے گئے۔ یہ غیر آئینی، غیر اسلامی غیر اخلاقی قانون کے تحت پاکستان کی حکومت جاگیردار سرمایادار ٹولہ کے مرد و زن کی وراثت بنادی گئی۔ یہ ۱۹۷۳ کے ملکی آئین کے خلاف، بغیر ریفرنڈم کے ایم پی اے، ایم این اے، سینیٹرز انکے بجٹ کے اخراجات ۱۸۔۲۰ کروڑ اہل وطن کسانوں مزدوروں، محنت کشوں، ہنر مندوں، یتیموں، بیواؤں، اپاہجوں کی مستورات، انکے مردوں اور انکی نسلوں کو برداشت کرنے کا پابند بنالیا۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف کی باقیات نے معاشی معاشرتی دینی قتال جیسا المیہ آج بھی جاری رکھا ہوا ہے۔

نمبر۷۔ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے کسانوں، مذارعوں، مزدوروں، محنت کشوں، ہنر مندوں، مجبوروں، بے بسوں، تنگ دستوں، بیروزگاروں، بیماروں، اپاہجوں، مسکینوں، ضروریات حیات سے محروم، خودکشیاں، خودسوزیاں کرنے والے معاشی معاشرتی دینی مقتولہ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کو انکے حکومتی شاہی اخراجات، شاہی ایوان، شاہی محل، سپریم کورٹ جیسے عدل کش انمول سرکاری اداروں، بڑی بڑی، قیمتی بلٹ پروف ۱۶ لاکھ سرکاری اربوں، کھربوں ڈالروں کی گاڑیوں کے اخراجات، اربوں کا پٹرول کو دھواں بنانے کے شاہی اخراجات، انکے ڈرائیوروں اور مرمتوں کے اخراجات کو برداشت کرنا اہل وطن کا نصیب بنادیا گیا ہے۔

نمبر۸۔ اہل وطن مسلم امہ اور انکی نسلوں کو مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی غیر آئینی نظام حکومت کا بالجبر قیدی بنا چکے ہیں۔ جس پر مارشل لا کے چار فوجی ڈکٹیٹرز، انکے چند کور کمانڈرز اور چھ سات ہزار جاگیردار سرمایادار ٹولہ کے ۴۹ فیصد مرد اور ۵۱ فیصد مستورات کی پاکستان پر مارشل لا کی گن پوائنٹ پر غیر آئینی، غیر اسلامی اجارہ داری مسلط ہے۔ جبکہ پاکستان ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کا ملک ہے۔ جس میں ستر فیصد کسان، انتیس فیصد مزدور محنت کش، ہنر مند اور عوام الناس رہتے ہیں۔

چار صوبائی حکومتوں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے غیر آئینی قوانین نامنظور

ان کا المیہ یہ ہے کہ ان مرد و زن شودروں میں سے نہ حکومتی ایوانوں، نہ حکومتی شاہی اداروں کا آج تک ایک بھی رکن بن سکا ہے۔ فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، نکا مراعات یافتہ شاہی طبقہ، انکی باقیات اس مجرمانہ غیر آئینی، غیر اسلامی مخلوط کفر کے مارشل لا کے استحصالی نظام حکومت کے خلاف آواز اٹھانے یا احتجاج کرنے والے ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے فرزندان کو ذرائع ابلاغ کے ذریعے طالبان ، دہشت گرد کا لیبل لگا کر انکا انفرادی ، اجتماعی قتال جاری کر رکھا ہے

نمبر ۹۔ پاکستان میں چار فوجی ڈکٹیٹروں انکے چھ سات ہزار جاگیر دار سرمایا دار فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے ممبران پر مشتمل انکی ذاتی حکومتی عدلیہ ایک الگ حثیت رکھتی ہے۔ اسکا پاکستان کے نظام عدل یا ملک کی عدلیہ سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ فوجی ڈکٹیٹر اور تمام اسمبلیوں کے ممبران از خود ہی منصف ہوتے ہیں۔ ملکی انتظامیہ کا چیف سیکٹری ہو یا عدلیہ کا چیف جسٹس سپریم کورٹ ہو، ان میں سے کوئی بھی انکے مسلط کئے ہوئے استحصالی ملک دشمن، عوام دشمن قوانین کو بدل سکتا ہے اور نہ ہی انکے خلاف کوئی کاروائی کر سکتا ہے۔ یعنی فوجی ڈکٹیٹر یحییٰ خان اور مسٹر بھٹو نے ملک دولخت کیا، مجیب الرحمان جسکے ممبران کی تعداد زیادہ تھی اور اسکا حکومت بنانا حق بنتا تھا اسکو حکومت بنانے نہ دی۔ مشرقی پاکستان میں فوجی کاروائی کر کے پاکستان کی ۹۴ ہزار فوجی سپاہ کو ہندوستان کا قیدی بنا دیا، مغربی پاکستان کا نام پاکستان رکھا اور اسکے ون یونٹ کو توڑا اور چار صوبائی حکومتیں بنا ڈالیں۔ صوبائی سطح پر مارشل لا کی نوک پر چاروں صوبوں کے جاگیرد، رسر مایا دار ٹولہ کو ملک پر حکومت بنانے کا اذن دے دیا۔ اسکے تحت ایم پی اے بنائے اور ان میں سے انکو مشیر وزیر، وزیر اعلیٰ گورنر بنا کر ہر صوبے پر مسلط کر دیا گیا۔ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کو انکا غلام، قیدی، محکوم بنا دیا گیا۔ اگر ان قوانین کو ختم کرنا درکار ہو تو وہ صرف اسمبلی ممبران ہی کر سکتے ہیں۔ کونسا ایم پی اے یا کسی اسمبلی کا ممبر اپنے حکومتی ایوان اور حکومت چھوڑنے کا سوچ سکتا ہے۔ اسی طرح دوسرے فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف نے ۵۱ حقوق نسواں کے نام پر اپنے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کی مستورات کو صوبائی وفاقی، سینٹ کے سپریم حکومتی ایوانوں، اسمبلیوں کے ممبران ایم پی اے، ایم این اے، سینیٹرز، مشیر، وزیر، وزیر اعلیٰ، گورنرز، سپیکرز، سفیر، وزیر اعظم، صدر مملکت کے حکومتی شاہی اداروں پر مسلط کر دیا۔ اسی فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے این آر او کا مجرمانہ قانون بنا کر ملک کے تمام مجرموں کے قتال معاشی معاشرتی قتال، انکے لوٹے ہوئے ملکی وسائل، ملکی ملکیتوں، ملکی، غیر ملکی، آئی ایم ایف کے قرضوں اور رشوت کمیشن کرپشن سے اکٹھی کی ہوئی دولت سوکس بنکوں، سرے محلوں، بیشمار ملوں، فیکٹریوں، کارخانوں، مختلف تجارتی اداروں کی ملکیتوں کی شکل میں تمام جرم معاف بھی کئے، تمام حکومتی ملکیتیں انکی وراثت بنا دی گئیں۔



بابا جی عنایت اللہ



جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

چار صوبائی حکومتوں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے غیر آئینی قوانین نامنظور

پاکستان فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے مجرموں، دہشت گردوں کی ملکیت اور پناہ گاہ بن چکا ہے۔ جہاں سے ہی این آر او کے تمام مجرموں کے تمام جرائم ختم کر دیئے جاتے ہیں۔ انکے علاوہ ان مجرموں کو مغربی جمہوریت کے نظام حکومت کے الیکشنوں کے اجازت نامے بھی جاری کر دیئے جاتے ہیں۔ ان قوانین کے ذریعے حکومتی ایوان اور حکومتی ادارے مہیا کرنے کے حقوق بھی بحال کر دیئے جاتے ہیں۔ اسکا تدارک ۱۸۔۲۰ کروڑ عوام الناس کی عدالت ہی کر سکتی ہے ورنہ یہ ملک دشمن ملک کو ختم کر دیں گے۔

نمبر۱۰۔ پاکستان میں ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کو مغربی جمہوریت کے مجرمانہ نظام حکومت کا ووٹر بنانے، چھ سات ہزار جاگیردار، سرمایادار حکومتی ٹولہ کو الیکشنوں کے ذریعے حکومت مہیا کرنے پر فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کی اجارہ داری جاری ہے۔ مسلم امہ کے ۱۸۔۲۰ کروڑ فرزندان کو اس ظلم و جبر کے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کی اجارہ داری کو ختم کرنا اور پاکستان کو انکے مجرمانہ نظام حکومت سے نجات دلانا ہوگا۔ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ، انکی نسلیں اور نو لاکھ فوجی سپاہ، اردو میڈیم طبقاتی تعلیمی اداروں کے طلبا، دینی درسگاہوں کے طلبا، طالبات سے چار فوجی ڈکٹیٹرز کے مارشل لا کا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور اس کے مجرمانہ طبقاتی استحصالی نظام حکومت، طبقاتی استحصالی مجرمانہ معاشی معاشرتی تقسیم اسکے ظلم و جبر کے ذریعے دینی، معاشی معاشرتی قتال سے بچ نہیں سکتے۔ اسکا ایک ہی علاج ہے۔ ان سب کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

نمبر۱۱۔ جب تک چار صوبائی حکومتیں ختم کر کے ون یونٹ بحال نہیں کیا جاتا۔ چار صوبوں کے حکومتی ٹولہ انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کے شاہی اخراجات کا بجٹ ختم نہیں کیا جاتا۔ حکومتی ٹولہ انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی حکمرانی، انکی رشوت، کمیشن کرپشن کا فزیکل خاتمہ نہیں کیا جاتا۔ این آر او کے مجرموں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے مجرمانہ قانون کو ختم نہیں کیا جاتا۔ انکی ۵۱ فیصد مستورات کو حکومتی ایوانوں اور حکومتی اداروں سے باہر پھینکا نہیں جاتا۔ جب تک چار فوجی ڈکٹیٹرز اور انگریز کے پروردہ چھ سات ہزار جاگیردار، سرمایادار حکومتی ٹولہ اور انکی اولادوں پر مشتمل افسر شاہی منصف شاہی، فوج شاہی کی حکومتی اجارہ داری کو ختم کر کے اہل وطن مسلم امہ کو حکومتی نظام مملکت حوالے نہیں کیا جاتا، اعتدال و مساوات اور عدل و انصاف نافذ نہیں کیا جاتا۔ ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کو انگریز کے مسلط کردہ مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت جو اس نے ایک مفتوحہ ملک کی عوام کو غلامی کی زنجیریں پہنانے، انکے خلاف احتجاج کرنے اور سر اٹھانے والوں کو باغی کا لیبل لگا کر انکو کچلنے کیلئے مسلط کر رکھا تھا۔





چار صوبائی حکومتوں اور ۵۱ فیصد حقوق نسواں کے غیر آئینی قوانین نامنظور

تا کہ کوئی باغی، کوئی غلام کوئی محکوم، کوئی احتجاج کرنے والا سر نہ اٹھا سکے۔ اب اس نظام حکومت پر پاکستان کے چار فوجی ڈکٹیٹرز، انکے غیر آئینی، غیر اسلامی، غیر قانونی، غیر اخلاقی فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، انکی باقیات نے بالجبر قبضہ کر رکھا ہے۔ چار فوجی ڈکٹیٹرز انکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ سے حکومتی ایوان، انکی اولادوں پر مشتمل مراعات یافتہ شاہی طبقہ سے حکومتی ادارے واپس لینا ملک کی بقا کیلئے اشد ضروری ہے۔

نمبر ۱۲۔ پاکستان میں خانہ جنگی اس وقت تک ختم نہیں ہو سکتی جب تک مارشل لا کے چار فوجی ڈکٹیٹرز، ملکی آئین توڑنے والے ملکی غدار، ملک دشمن، عوام دشمن، انکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ، ان کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کے افسر شاہی، منصف شاہی، فوج شاہی اور انکی باقیات کے مجرموں سے ملک کا لوٹا ہوا خزانہ، وسائل اور ذرائع آمدن واپس نہیں لئے جاتے۔ مغربی جمہوریت کا باطل، غاصب کفر کا مجرمانہ استحصالی نظام حکومت ان سے چھینا اور انکو ختم نہیں کیا جاتا۔ اسکی جگہ اسلامی جمہوریت کا نظام مملکت قائم نہیں کیا جاتا۔ جس میں آقا و غلام، صدر مملکت و گن مین، وزیر اعظم و اردلی، جرنیل و ڈرائیور، خلیفہء وقت و چرواہا، افسر و ماتحت کی ضروریات حیات کا معیار ایک کسان مزدور، محنت کش، ہنر مند، سپاہی، اردلی، گن مین، جھاڑو کش کے مطابق قائم کیا نہیں جاتا۔ معاشرے میں اعتدال و مساوات، عدل وانصاف کو رائج کرنا اسلام کی بنیادی خوبی ہے۔ جو حکومتی ٹولہ انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کے دہشت گردوں اور معاشی معاشرتی قاتلوں کی موت کا سبب ہے۔ تمام مجرم اس حقیقت کو جان چکے ہیں کہ انکا یوم حساب قریب ہے۔ اربوں ڈالروں کی خریداری میں کروڑوں کی کمیشن حاصل کرنے کا وقت گذر چکا ہے۔ رشوت، کمیشن، کرپشن سے لوٹی ہوئی، کم وبیش ۲۵۰ ارب ڈالر کی ملکی امانتیں، ملک غیر ممالک میں انکی ملکیتیں ان سے واپس نہیں لی جاتی۔ ان تمام مجرموں کو جیل بھیج کر انکے خلاف تمام کیس، تمام جائیدادیں، تمام وسائل، تمام خزانہ، تمام ملکیتیں واگذار کرانا اشد ضروری ہے۔ کب تک ۱۸۔۲۰ کروڑ کسانوں، مزدوروں، محنت کشوں، ہنر مندوں، معذوروں، بوڑھوں کو، انکے پیدا کردا وسائل اور خزانہ سے محروم رکھا جائیگا۔ کب تک ملکی خادمین اپنے مالکوں کو انکی ملکیتوں اور وراثتوں سے محروم کرتے جائیں گے۔ کب تک یہ جرم جاری رہے گا۔ کب تک فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ ان کی باقیات کی اجارہ داری پاکستان پر مسلط رہے گی۔





باباجی عنایت اللہ

جب دامن دین ہی ہاتھ میں نہ ہو تو اسلام کیسا اور مسلمان کیسے!

اعتدال و مساوات اور عدل و انصاف کا کڑوا گھونٹ انہیں پینا پڑے گا

نمبرا۔ ۱۸۔۲۰ کروڑ اہل وطن مسلم امہ اور مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت، اسکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور انکے مراعات یافتہ فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی کے معاشی معاشرتی معیار حیات کی تفاوتی، طبقاتی زندگی کا مجرمانہ نظام حیات ختم کرنا وقت کی ایک اہم ضرورت ہے۔ آقا و غلام، فوجی ڈکٹیٹر و سپاہی، وزیر اعظم و اردلی، گورنر و گن مین، وزیر اعلیٰ و ڈرائیور، کسان و مزدور کا معاشی و معاشرتی طبقاتی نظام حیات اور ضروریات حیات کے حصول کے معیار میں مطابقت قائم نہیں ہے۔ اس کا تدارک صرف اور صرف قرآن حکیم کی روشنی میں اسلامی جمہوریت کے نظام مملکت، دستور حیات تعلیمات، اعتدال و مساوات میں مضمر ہے۔ جسکا نفاذ ۱۹۷۳ کے آئین کا حصہ ہے۔

نمبر۲۔ پاکستان۔۔۔! فوجی ڈکٹیٹر یحییٰ خان اور پرویز مشرف کی باقیات کا نام نہیں۔

پاکستان۔۔۔! فوجی ڈکٹیٹر یحییٰ خان اور پرویز مشرف کی باقیات کا نام نہیں۔ نہ ہی مسٹر بھٹو، مسٹر زرداری، مسٹر نواز شریف، مسٹر شوکت عزیز، مسٹر پرویز الٰہی، شجاعت حسین، الطاف حسین، شیخ رشید اور انکے اتحادی سیاسی جماعتوں جنہوں نے اسلامی تاریخ کو مسخ و مجروح کیا اور ۹۴ ہزار فوجی سپاہ کو انڈیا کا قیدی اور نو لاکھ سپاہ اور ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کو رسوائے زمانہ کر کے رکھ دیا ہے۔ انکے اس بھیانک کردار کی تلخ اذیتیں زندگی میں بھی اور بعد از موت بھی جاری رہیں گی۔ اب انکی باقیات نے انکے غیر آئینی قوانین، ضوابط کو پاکستان میں جوں کا توں جاری کر رکھا ہے۔ ادھر تم ادھر ہم کا نعرہ لگانا، مجیب الرحمان کو حکومت نہ بنانے دینا، مشرقی پاکستان پر فوج کشی کرنا، عوام اور فوجی سپاہ کا قتال کروانا، ۹۴ ہزار فوجی سپاہ کو ہندوستان کا قیدی بنانا، ملک دولخت کرنا، ملکی عوام الناس کا استحصال کرنا، انکے حکومتی جرائم کا حصہ ہیں۔ ون یونٹ توڑنا، چار صوبائی حکومتیں اور ایک سینٹ کے شاہی ادارے کے شاہی اخراجات بڑھانا، روٹی کپڑا، مکان مہیا کرنے کی بجائے اہل وطن غریب، بیروزگار، تنگدست عوام کا معاشی، معاشرتی قتال کرنا۔ جاگیردار، سرمایہ دار ٹولہ کو چاروں صوبوں کی حکومتیں مہیا کرنا، عوام الناس کو انکے شاہی اخراجات برداشت کرنے کا پابند بنانا، غربت تنگ دستی، بیروزگاری کی چتا میں دھکیلنا، یہ ظلم اور جرم فوجی ڈکٹیٹر یحییٰ خان اور مسٹر بھٹو نے کیا۔ دوسرے فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف اسکے بدبخت چند کور کمانڈرز نے امریکہ اور اسکے اتحادی ممالک کو افغانستان کے مسلم امہ کے فرزندان کے خلاف اپنی سرزمین اور شمسی ائیر بیس امریکی افواج کے حوالے کر دیا۔ انہوں نے پانچ چھ لاکھ افغانستان کے مرد و زن بچے بوڑھوں کا قتال کر کے رکھ دیا۔ اسکا اور اسکی باقیات کا پاکستان کے شمالی علاقہ جات کے عوام کا قتال اور اسلام کے نفاذ کی بات کرنے والوں کا قتال جاری رکھنا اہل وطن مسلم امہ کے دلوں میں ایک اذیتناک ناسور بن چکا ہے۔

اعتدال و مساوات اور عدل و انصاف کا کڑوا گھونٹ انہیں پینا پڑے گا

نمبر۳۔ دو فوجی ڈکٹیٹرز نے اسلامی تاریخ مسخ کر کے رکھ دی

ان مارشل لا کے دو فوجی ڈکٹیٹروں، انکے چند کور کمانڈروں اور انکے فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ نے اسلامی تاریخ کو مسخ کر کے رکھ دیا ہے۔ اس طرح ایک سازش کے تحت ان دو بد بخت فوجی ڈکٹیٹروں اور انکے چند کور کمانڈروں اور فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے ملک دشمن مجرموں کی بجائے اپنے ہی انمول مجاہد و غازی، طلبا طالبات اور عوام الناس، جو انڈیا، روس اور امریکہ کے دانت کھٹے کرنے والا ہر وال دستہ کا فریضہ ادا کرتے ہیں، ہمت و جرات کے پیکروں، جری جوانوں، ملک و ملت کے جان نثاروں، ملک کے رکھوالوں کی عزت و حرمت اور انکی شان و آن کے خلاف ایم پی اے، ایم این اے، سینیٹرز، ٹی وی اینکرز، اخبار نویس، قلمکار، کالم نویس، تنقید نگاروں نے، حقائق کو جاننے اور حقائق کو چھپانے کی خاطر ان مجاہدین کے خلاف بد ترین لب کشائی کرنا اپنا وطیرہ بنا رکھا ہے۔ کیا یہ مجاہدین یا طالبان پاکستان کی انمول اسلامی سپاہ نہیں۔ اسکے مجرم، ملکی غدار، ملکی آئین توڑنے والے، پاکستان پر مارشل لا کی گن پوائنٹ پر حکومت کرنے والے، ملکی غدار، ملک دشمن، عوام الناس کا معاشی معاشرتی قتال کرنے والے فوجی ڈکٹیٹر یحیٰ خان، اسکے چند کور کمانڈرز اسکا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ اور اسکا سیاسی لیڈر مسٹر ذوالفقار علی بھٹو جنہوں نے مل کر ون یونٹ توڑا۔ چار صوبائی حکومتیں بنا ڈالیں۔ ملک کا خزانہ اور وسائل لوٹ لئے اور عوام الناس کا معاشی معاشرتی قتال کر کے رکھ دیا۔ اسکے علاوہ عوام الناس کو صوبائی سطح پر حکومتی ٹولہ کا قیدی، غلام، محکوم بنا کر رکھ دیا۔ دہشت گرد اہل وطن مسلم امہ یا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ یا انکا مراعات یافتہ افسر شاہی منصف شاہی فوج شاہی کا شاہی طبقہ ہے۔

نمبر۴۔ دوسرا مارشل لا کا فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف، اسکے چند کور کمانڈر، ملکی آئین توڑنے والا فوجی سیاسی حکومتی ٹولہ کے وزیر اعظم شوکت عزیز مسلم لیگ ق کے پرویز الٰہی، شجاعت حسین، الطاف حسین، شیخ رشید اور انکے ہمنوا اتحادی سیاسی جماعتیں طالبان اور دہشت گرد ہیں یا اہل وطن مسلم امہ اور انکی نسلیں ہیں۔ مارشل لا کے فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف کا مغربی جمہوریت کا نظام و سسٹم اور اسکے این آر او کے مجرموں کا نظام حکومت پاکستان میں خانہ جنگی کی وجہ بن چکا ہے جو ان مجرموں اور انکی حکومتی ٹولہ کو تحفظ اور بار بار حکومتیں فراہم کرتا ہے۔ جو مارشل لا کی گن پوائنٹ پر ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ کے کسانوں، محنت کشوں اور عوام الناس کو ایک قیدی، غلام، محکوم جیسی بے بسی کی زندگی گذارنے کا پابند بناتا ہے۔

اعتدال و مساوات اور عدل و انصاف کا کڑوا گھونٹ انہیں پینا پڑے گا

نو لاکھ پاکستانی سپاہ ستر فیصد کسانوں، انتیس فیصد مزدوروں، محنت کشوں، ہنرمندوں اور عوام الناس کی اولادیں ہیں۔ فوجی جرنیل، فوجی ڈکٹیٹر، چھ سات ہزار جاگیردار، سرمایادار حکومتی ٹولہ، انکے فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی کے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی اولادیں ہیں۔ چھ سات ہزار جاگیردار، سرمایا دار حکومتی ٹولہ نے ۱۸۔۲۰ کروڑ اہل وطن مسلم امہ اور انکی نسلوں کو مغربی جمہوریت، اسکے الیکشن، اسکا نظام حکومت جس پر انکی اجارہ داری مسلط ہے کا قیدی اور انکی اولادوں پر مشتمل ایک فوجی ڈکٹیٹر اسکے چند کور کمانڈرز نے نو لاکھ سپاہ کو اپنا قیدی، غلام، محکوم بنا رکھا ہے۔ انگریز کے فوجی ڈسپلن کی بنیاد پر فوجی سپاہ خانہ کعبہ، ملکی عوام اور اپنے ماں باپ پر گولی چلانے کے پابند بنا دیئے جاتے ہیں۔ اس قانون کی ترمیم کرنا ازحد ضروری ہے۔ یہ انگریز کی سپاہ نہیں اہل وطن ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کی افواج ہے۔ بار بار مارشل لا لگانا اور ملکی عوام کو فتح کرنا اور محکوم بنانا، طالبان اور دہشت گرد کا نام دے کر عوام الناس کا قتال کرنا ان مجرموں کا وطیرہ بن چکا ہے۔ ٹی وی اینکرز، اخبار نویسوں، قلم کاروں، کالم نویسوں تجزیہ نگاروں اور ذرائع ابلاغ کے مبلغوں سے گذارش ہے کہ وہ ایک ملکی غدار، ملک دشمن فوجی ڈکٹیٹر، اسکے چند کور کمانڈرز کے خلاف آواز اٹھائیں، نو لاکھ معصوم، مجبور، بے بس فوجی سپاہ اور صاف دامن جرنیلوں کو انکے جرائم کا حصہ نہ بنائیں۔ وہ تو مذہب کش مغربی جمہوریت کے باطل، غاصب کفر کے مجرمانہ استحصالی نظام حکومت کے قیدی، غلام اور ابن غلام بن چکے ہیں۔

نمبر ۵۔ تمام سیاسی جماعتیں چار فوجی ڈکٹیٹروں کے مجرموں کی اولادیں ہیں۔

مغربی جمہوریت کے مجرم سیاستدان مارشل لا کے مجرم ملکی آئین توڑنے والے ملک دشمن، ملکی غدار چار فوجی ڈکٹیٹروں کی پیداوار ہیں۔ فوجی ڈکٹیٹر ایوب خان اور یحیٰی خان نے مسٹر بھٹو اور اسکی سیاسی جماعت پیپلز پارٹی کو جنم دیا۔ فوجی ڈکٹیٹر ضیا الحق نے مسلم لیگ نون کے نواز شریف، ایم کیو ایم کے الطاف حسین اور شیخ رشید کو جنم دیا۔ فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف نے مسلم لیگ ق کے پرویز الٰہی، شجاعت حسین، ایم کیو ایم کے الطاف حسین، شیخ رشید کو پروان چڑھایا یہ تمام مغربی جمہوریت کی سیاسی جماعتیں فوجی ڈکٹیٹروں کی ایسی ناخلف، بے ادب، گستاخ اولادیں ہیں جو مارشل لا کی فوجی سیاسی حکومت کا حصہ بھی بنی رہیں، فوج کی گن پوائنٹ پر ملک کے وسائل، مال و دولت ذرائع آمدن، تجارت اور ملکی خزانہ کو لوٹتی بھی رہیں۔





اعتدال و مساوات اور عدل وانصاف کا کڑوا گھونٹ انہیں پینا پڑے گا

فوج کے زیر سایہ سرے محل، شاہی پیلسز، رائے ونڈ ہاؤسز، بنی گالا ہاؤسز، حکومتی شاہی ایوانوں کو بڑھاتی پھیلاتی بھی رہیں۔فوجی ڈکٹیٹر یحییٰ خان اور مسٹر بھٹو نے ون یونٹ کو توڑ کر وفاقی حکومت کے علاوہ چار صوبائی حکومتیں قائم کرلیں، ایک سینٹ کے شاہی حکومتی ایوان کی تعداد غیر آئینی طور پر بڑھادی۔۱۸ کروڑ اہل وطن مسلم امہ، انکی نسلوں کو بالجبر انکے حکومتی اخراجات، بیشمار سرکاری شاہی مراعات کا حکومتی بجٹ مہیا کرنے کا پابند بنالیا۔فوجی ڈکٹیٹرز کے مارشل لا کے جرائم کی سیاسی غیر آئینی، ملکی غدار سیاسی جماعتیں چار صوبائی حکومتوں پر غیر آئینی طور پر قابض ہوگئیں

نمبر۶۔ اسی طرح فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف کے سیاسی حکومتی ٹولہ مسلم لیگ ق کے وزیراعظم شوکت عزیز پرویز الٰہی شجاعت حسین ایم کیو ایم کے الطاف حسین اکلوتی عوامی مسلم لیگ کے اکلوتے رہنما شیخ رشید اور انکی اتحادی سیاسی جماعتوں نے ملکرا ۵ فیصد حقوق نسواں کے نام پر ملکی خزانہ، وسائل، مال و دولت ذرائع آمدن، تجارت اور حکومتی ایوانوں یعنی وفاقی حکومت، چار صوبائی حکومتوں اور سینٹ کے شاہی حکومتی ایوانوں پر شب خون مارا اور اپنی ہی مستورات کو مارشل لا کی گن پوائنٹ پر حکومتی ایوانوں، حکومتی اداروں پر مسلط کردیا۔اب حکومتی ٹولہ کے مرد وزن نے حکومتی ایوانوں اور انکی اولادوں پر مشتمل فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی کے حکومتی اداروں پر مارشل لا کی گن پوائنٹ غیر آئینی، غیر قانونی طور پر لا بٹھایا۔فوجی سیاسی مغربی جمہوریت کے حکومتی ٹولہ کے مجرموں نے تمام ملکی، غیر ملکی سرے محلوں رائے ونڈ ہاؤسوں، شاہی پیلسوں بنی گالا ہاؤسوں، انمول قیمتی سرکاری، ذاتی گاڑیوں سوکس بنکوں میں لوٹی ہوئی دولت، ملیں، فیکٹریاں، کارخانے، تجارتی ادارے، تمام مال واسباب، تعیش کی زندگی، شاہی تنخواہیں، شاہی مراعات، ملکی اقتدار انکا نصیب بنادیا گیا۔یہ سب مارشل لا کے فوجی ڈکٹیٹرز اور انکے مغربی جمہوریت کے نظام حکومت کی غیر آئینی سرکاری بالادستی کی پیداوار ہیں۔ارب ہا ڈالرز کی خرید وفروخت، کروڑوں کی کمیشنیں انکے نظام حکومت کا حصہ ہے۔رشوت کمیشن کرپشن انکے حکومتی ایوانوں کے اختیارات کا قانونی حق ہے۔ان حقائق کو کون نہیں جانتا۔ان کے یہ جرائم پاکستان اور بیرون ممالک کرپشن، کمیشن، رشوت کی اذانیں دے رہے ہیں حکومتی ٹولہ کے ان جرائم کو ثابت کرنے کیلئے کسی کی شہادت کی ضرورت نہیں۔ملک کے احتساب کے تمام ادارے انکے جرائم کے محافظ ہیں۔کیونکہ انکی اپنی بقا بھی انکے اقتدار میں مضمر ہے۔

اعتدال و مساوات اور عدل وانصاف کا کڑوا گھونٹ انہیں پینا پڑے گا

نمبر ۷۔ افواج پاکستان کے جرنیلوں کو بتانا نہایئت ضروری ہے کہ سندھ کے مسٹر بھٹو اور بے نظیر کا قتل، بلوچستان کے نواب بگٹی، اسکے رفقا کا قتل، صوبہ سرحد کے شمالی علاقہ جات کے عوام کا قتال، کراچی میں ایم کیو ایم کی وساطت سے عوام الناس کا قتال یعنی چاروں صوبوں کے عوام فوجی ڈکیٹیٹرز پرویز مشرف کو نفرت سے دیکھتے ہیں۔ لال مسجد کے طلبا طالبات کا قتال، افغانستان کے معصوم، بیگناہ مرد وزن، بچے بوڑھوں کے پانچ چھ لاکھ مسلم امہ کے فرزندان کا قتال، فوجی ڈکیٹیٹرز اور انکے چند کور کمانڈروں اور انکے سیاسی حکومتی ٹولہ کے ایسے جرائم ہیں جنکے زخم زیر خاک بھی منہدم نہیں ہونگے۔ فوجی ڈکیٹیٹرز اور انکے چند کور کمانڈروں اور انکے این آر او کے غیر آئینی فوجی سیاسی مجرم حکومتی ٹولہ، انکے مراعات یافتہ شاہی طبقہ کی فوج شاہی، منصف شاہی، افسر شاہی، انکی باقیات ملک پر گن پوائنٹ پر قابض ہیں، انکے مغربی جمہوریت کا طبقاتی نظام حکومت، انکا ۱۹۷۳ کے آئین اور قرآن حکیم کے آئین کی روشنی میں اعتدال و مساوات، عدل وانصاف، امانت و دیانت کے نظریات کو کچلنا اور انکے غیر آئینی متضاد اور منافی طبقاتی معاشی تقسیم طبقاتی تعلیمی نظام طبقاتی معاشرتی نظام کے ذریعے ملکی وسائل مال و دولت، ذرائع آمدن، تجارت، ملکی خزانہ لوٹنا اور ۱۸۔۲۰ کروڑ مسلم امہ اور انکی نسلوں کو غیر آئینی، غیر اسلامی ملکی وسائل، خزانہ سے محروم ہی نہیں بلکہ ان کو بنیادی حقوق سے محروم کرنا، اسلامی جمہوریت کا نظام مملکت نافذ العمل کرنے کی بات کرنے والوں کو طالبان اور دہشت گرد قرار دینا، انکا غیر آئینی، غیر اسلامی مجرمانہ قتال کرنا ملک میں خانہ جنگی کی وجہ بن چکا ہے۔ اس کا تدارک وقت کی بنیادی ضرورت ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کا بانی اور سزاوار فوجی ڈکیٹیٹر پرویز مشرف ہے۔

